یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک
رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!
JULY 2019
ABC Certified/CPNE Member
AQ TV
GOLDEN YEARS
72
سالہ مسلسل اشاعت
آفاقی معلومات کا علمبردار
ماہنامہ
روحانی
آئینہ قسمت
لاہور
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
چاند گرہن
سورج گرہن
SHAILENDRA SHARMA
JYOTISH ACHARYA
GOLD MEDALIST
ASTROTODAY
Website : www.astrotoday.com
E-mail : astrotoday2000@gmail.com
Mobile : 09899899022
Twitter : twitter.com/ssharma1112
A NAME TO RECKON WITH IN ASTROLOGY
Residence:- G-6, First Floor, Vikas Puri, New Delhi-110018
Prediction on General Elections – 2019
It was shocking to know that one astrologer professor has been suspended for predictin
ctions on Twitter in Madhya Pradesh. This is the respect our politicians and people in pow
e for Jyotish Shastra which is as old as Vedas. All news channels have been harping upon
ho will form the next Govt. but Election Commission was totally blind to all these activ
's why I have not given my prediction earlier and will be releasing at 4.00 P.M. today i.e.
2019 which is the last day of poll and before Exit Polls.
The seven phase elections have started from 11th April with 19th May as last poll date
ting of votes taking place on 23rd May 2019. During this period the major planets Saturn
iter are in Sagittarius along with Ketu. Jupiter is retrograde during this period and Saturn
kshatra of Venus and Navamsha of Mars. Sun is in Taurus when the results will be declar
ming of the elections and stretching them so long are not in favour of BJP.
Based on these planetary positions the predictions are as follows :-
1. The nation will see the most unexpected results.
2. Sh. Narendra Modi will not be the next Prime Minister of India.
3. There will be hung parliament as neither UPA nor NDA will get the majority.
4. It will be non-BJP Govt. at the centre.
5. Sh. Rahul Gandhi will play a major role in formation of Govt. but will not be the P.M. as of now.
6. The Prime Mi m regional parties. Regional Parties wi n the Third Front and it will b ovt. along with Congress.
7. The streng to uling block will be around 320.
May, 2019
(SHAILENDRA SHARMA)
JYOTISH ACHARYA
ہندو نجومیوں کی پیش گوئیاں ہار گئیں مودی جیت گیا
ASTROLOGY FOR ALL

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

بانی ادارہ مترجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 12000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 90 روپے

سالانہ چندہ 1000 روپے

لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years

لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — بالمقابلہ جنتری — البیرونی تقویم

ایڈیٹر — شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلسِ مشاورت

مخدوم سید چن پیر قادری — مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی

چودھری واجد علی خان — کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ — میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی

ڈاکٹر اجمل نیازی — شجاعت ہاشمی (آرٹسٹ) — پروفیسر توفیق بٹ

افتخار احمد — علامہ صمصام الدین — محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی — کمپوزنگ لے آؤٹ — سرکولیشن مینیجر

طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ

محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ — ارشد علی — حامد بشیر

سُن لو مسلمانوں نبی ﷺ کا فرمان

تم میں سے کوئی اُس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اُس کی نظر میں اپنی والد سے اولاد سے اور تمام انسانوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں (مُسلم)

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2

54660

بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور

Ph: 042-35752277 - 35872277

Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی

A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل کالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ

PH: 051-8732742

051-8732764

کاشانہ زنجانی

نزد انصار برنی ٹرسٹ وہمدرد دواخانہ آرام باغ روڈ، کراچی-74200

Ph: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

websites:www.aienaeqismat.com.pk

Email:aienaeqismat@gmail.com

حمد

سید دیدار علی شاہ

ترا نور ہی جلوہ گر کُو بہ کُو ہے
ہر اک شے سے ظاہر تو ہی ہو بہو ہے

گل و یاسمین میں سمن نسترن میں
گل خشک و تر میں تری ہی تو بُو ہے

ہے نکہت سے تیری معطر دو عالم
مہک تیری پھیلی ہوئی سُو بسُو ہے

بہت ہم نے کُو کُو سنی قُمریوں کی
بہت بلبلوں کی سُنی ہاؤ ہُو ہے

بہت کچھ ترانے سنے ہر طرح ہے کے
جو دیکھا تو تیری ہی جستجو ہے

حجابِ تمنا اٹھا جب کہ دل سے
جدھر ہم نے اُدھر دیکھا تو ہی تو ہے

نہ اک محوِ دیدار دیدار ہی ہے
ہر اک جا میں مولیٰ تیری گفتگو ہے

نعت

ریحانہ قمر

لفظوں میں انؐ کا نقش پا دکھائی دے
نعتِ نبیؐ کہوں تو مدینہ دکھائی دے

ہر دم ہو جس کو رحمت عالمؐ ترا خیال
طوفان میں بھی اس کو جزیرہ دکھائی دے

نعتِ نبیؐ کے ساتھ میں پڑھتی رہوں درود
مجھ کو یہی نجات کا رستہ دکھائی دے

دے میری آنکھ کو بھی بصارت مرے خدا
جو شخص ان کا ہو وہی ان کا دکھائی دے

ساری نہیں یہ حسن محمدؐ کی روشنی
سورج تو ان کا نقش کفِ پا دکھائی دے

دریا پہ چل کے جاؤں گی ارضِ حجاز تک
مجھ کو تو پانیوں پہ بھی رستہ دکھائی دے

سوچوں تمام دن درِ اقدس کو میں قمرؔ
آتے ہی نیند گنبدِ خضریٰ دکھائی دے

منقبت

مظہر حسین [illegible]

عکس اخلاقِ مصطفیٰ شبّر
جانِ زہرا و مرتضیٰ شبّر

غمساری ہے آپ کی عادت
غم کے ماروں کا آسرا شبّر

خواہش نفس کیوں نہ ٹھکرائیں
ان کا رتبہ ہے مجتبیٰ شبّر

لوٹ آئیں نجات کے طالب
دے رہے ہیں انہیں ندا شبّر

ایک ہی نام لب پہ رہتا ہے
یا حسنؑ ہے یا مجتبیٰ شبّر

جنتوں کی کمی نہیں مظہر
ہو اگر آپ کی رضا شبّر

از تحریر: منجم انتظار حسین شاہ زنجانی

3 جولائی شمسی گرہن اور 17 جولائی قمری گرہن کے زائچہ پاکستان پر سیاسی اثرات

آسمانی کونسل پر جولائی میں ہونیوالے شمسی، قمری گرہن متشدانہ عالمی سیاسی حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ایشیائی عرب مسلم ممالک ان بد اثرات سے کچھ زیادہ ہی متاثر ہوں۔ مسلم دشمن سپر پاور اور ان کے اتحادی 2019ء میں بھی تیسری عالمگیر جنگ شروع کروانے کی سازشیں جاری رکھیں فی الحال ہم یہاں زائچہ پاکستان پر گرہنوں کے متوقع بد اثرات پر علم نجوم کی روشنی میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

3 جولائی سورج گرہن زائچہ پاکستان کے دوسرے ملکی معیشت کے گھر لگے گا۔ سیاسی نجوم میں اس گھر کا تعلق ملکی محصولات کی آمدنی (ٹیکس) سٹاک ایکسچینج ملکی تجارت درآمدات برآمدات ملکی کرنسی کی بین الاقوامی کرنسی سے شرح تبادلہ اشیائے خوردونوش کی قیمتیں رسم ورواج بینکنگ سونے چاندی کا کرنسی سے تعلق جیسے سبھی اہم مالی مادی ملکی وسائل اور معاشرتی رہن سہن جن میں عوام کا گھریلو بجٹ بھی شامل ہے اسی زائچہ کے گھر سے دیکھا جاتا ہے۔ یہی گرہن زائچہ نیو مون اسلام آباد کے چوتھے لگنے سے اس کے بد اثرات حکومت اور اپوزیشن کی کھلی اسمبلی اور اسمبلی کے باہر سیاسی جنگ میں شدت کا اشارہ ہے۔
3 جولائی سورج گرہن بحساب ویدک نجوم 16 درجہ برج جوزا نچھتر آردھا (منزل ہنعہ) راہو کے سب لارڈ میں لگے گا۔ نتیجتاً ملک کے اندر انتشار خرابی تنازعے فسادات سیاسی لڑائی جھگڑے T.V پر اسی قسم کے بحث ومباحثے مذہبی فرقہ وارانہ فسادات کا اندیشہ جس کے نتیجہ میں خونی تنازع تخریب کاری جیسے سبھی خدشات رد نہیں کئے جاسکتے۔ عوام الناس میں بے چینی آپس کی دشمنیوں کو دور کرنے کے لئے اعلیٰ سطح پر مثبت فلاح سوچ کے لوگوں کو خدمات کو سراہا جائے۔ ٹریفک حادثات اغواء ڈکیتی سے جانی مالی نقصانات ساحل سمندری علاقوں میں سمندری قزاقی جیسے واقعات اچانک بڑھ سکتے ہیں۔
17 جولائی جسکا مفرد نمبر 8 جو ستارہ زحل سے منسوب یہ چاند گرہن برج قوس کے 29 درجہ پر نچھتر اترا شاد (منزل بلد) شمس کے سب لارڈ میں لگے گا۔ زائچہ پاکستان اور "فل مون زائچہ اسلام آباد" کے مشترکہ دونوں جنمان برج ثور کے آٹھویں نحس گھر میں لگے گا۔ جس کے بد اثرات مذہبی سیاسی لوگوں خصوصاً حکمرانوں کو متاثر کریں۔ اندرون ملک چوری، ڈکیتی، قتل وغارت گری، تشدد مار پیٹ اور لوٹ مار جرائم کی شرح میں اضافہ جنسی جرائم کے سبب خواتین اور کم سن بچیوں پر بھی ماضی کی طرح اغواء تشدد کے واقعات کا اندیشہ بیرون ملک تارکین وطن کو ملکی قوانین بدلنے کے سبب سفری نقصانات آتشزدگی سے جنگلات اور ٹمبر مارکیٹوں میں شارٹ سرکٹ سے آگ لگنے کا اندیشہ، ڈیری فارمنگ، مال مویشی، گھوڑوں، بھیڑ بکریوں میں امراض کے سبب اموات کے واقعات رونما ہوں۔ پوری قوم سے التماس ہے کہ جولائی میں جی کھول کر صدقات دیتے رہیں۔ ایام گرہن دو نفل نماز کسوف (سورج) دو نفل نماز خسوف (چاند) پڑھ کر اپنے اپنی فیملی اور وطن عزیز پاکستان کے لئے خوب دُعائیں کریں۔
(واللہ اعلم الصواب)

اپوزیشن حکومت کو گرانے اور اسمبلی سے باہر بھرپور احتجاج کرے احتجاج کی آڑ میں تخریب کاری دہشت گردی کے خدشات وزارت داخلہ کو چوکس رہنے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

اہم مذہبی سیاسی شخصیات سربراہ مملکت کو اپنے پروٹوکول کا خاص خیال رکھنا چاہیے ان کے خلاف سیاسی جانی مالی نقصانات کی سازشیں 11 جون تا 17 جولائی کے ایام نہایت ناقص ثمرات کے حامل حکومتی وزارتوں عہدوں میں ردو بدل

اچانک سیاسی حالات کی خرابی مڈٹرم الیکشن یا ریفرنڈم کی جانب سیاسی صورتحال کو دھکیلا جا سکتا ہے۔

8 جولائی تا 18 اگست دور کیتو:۔ چاند کا سایہ کیتو نویں عدلیہ مذہب کے گھر ہونے سے مذہبی مقامات کی حفاظت بجلی گھر یا ایٹمی توانائی ری ایکٹر دیگر ایجادات خلانوردی عسکری نوعیت کے میزائل ائرفورس اور سول ہوائی بازی کے اداروں میں مہارت حفاظت پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بلند کرنے کے لئے متعلقہ اداروں کو چوکس رہنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ اس دوران بجلی کے بحران سے نپٹنے کے لئے کوئی بہتر آسان حل سے توانائی کی صلاحیتوں میں یقینی اضافہ ممکن ہے۔ (زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 44 سے)

زائچہ نیومون:۔ سیاسی نجوم میں آسمانی کونسل پر زائچہ نیومون اور شمس گرہن کا حسن اتفاق سے مشترکہ زائچہ اپنے اندر نہایت بداثرات لئے چوتھے گھر طلوع ہو رہا ہے۔ طالع کا حاکم قمر گہن زدہ شمس کے ہمراہ سیاسی زائچہ میں چوتھا گھر نہایت اہم تصور کیا جاتا، ملکی اراضی زراعت کانیں معدنیات زمینی مواصلات بھونچال زلزلے اور حکومت اپوزیشن کا گھر طالع کے درجات راہو کیتو کے درجات کو متاثر کر رہے ہیں۔ اپوزیشن حکومت کو گرانے اور اسمبلی سے باہر بھرپور احتجاج کرے احتجاج کی آڑ میں تخریب کاری دہشت گردی کے خدشات وزارت داخلہ کو چوکس رہنے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ ادھر دسویں سربراہان کے گھر بارہویں فعلی نحس ستارہ زحل کیتو کے ساتھ حالت قران میں ہونے کے سبب اہم مذہبی سیاسی شخصیات سربراہ مملکت کو اپنے پروٹوکول کا خاص خیال رکھنا چاہیے ان کے خلاف سیاسی جانی مالی نقصانات کی سازشیں 11 جون تا 17 جولائی کے ایام نہایت ناقص ثمرات کے حامل حکومتی وزارتوں عہدوں میں ردوبدل ستارہ زحل کو عام طور سے سیاست کا ستارہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ جتنی جلدی ترقیاں دیتا ہے۔ اتنی بری طرح اُلٹ پلٹ بھی دیتا ہے۔ زحل کی منحوس نشست حکومتی پارٹی کی بدنامی بے وقاری ہنگامے اور انقلاب تخت یا تختہ جیسے برے حالات پیدا کراتا ہے۔ تبدیلی نظام صدارتی نظام مارشل لاء کی افواہیں پہلے سے گردش میں اچانک سیاسی حالات کی خرابی مڈٹرم الیکشن یا ریفرنڈم کی جانب سیاسی صورتحال کو دھکیلا جا سکتا ہے۔

زائچہ فُل مون: ۔فل مون زائچہ دراصل چاند گرہن کا بھی زائچہ ہے۔اس زائچہ کے فعلی منحوس ستارے زہرہ مشتری اور مریخ ہیں۔زہرہ طالع پوری قوم ملکی معیشت کے گھر ستارہ زہرہ غروب اور راہو سے حالت قران حکمرانوں نے ملکی معیشت **IMF** کے حوالے کرکے غریب عوام کو رمضان کے مہینے میں جو تحفہ دیا اور پھر عید کے بعد بجٹ پیش کرکے جو عیدی دی ہے پوری قوم پریشانیوں کی معراج پر پہنچ کر حکومت کی شکر گزار ہے کہ حکومت کا کہنا ہے کہ عوام گھبرائیں مت؟ قوم میں حیات رہی تو وہ حکومتی سنہری فرمان یادرکھے گی۔ساتویں مشتری کا قیام خارجہ تعلقات ایشیائی ممالک میں خطہ کی سیاسی اور جنگی صورتحال کے سبب خاصے توجہ طلب دکھائی دیتے ہیں۔ماضی قریب کی طرح ہماری سیاسی عسکری قیادت کو غیر ملکی جھگڑوں اور تنازعوں میں اپنے قومی مفادات کے تحفظ کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ادھر تیسرے گھر مریخ اور غروب ورجعت یافتہ عطارد ملکی سرحدوں پر کشیدگی اور اندرونِ ملک دہشت گردی تخریب کاری کے خدشات بھی نظرانداز نہیں کئے جاسکتے ہیں۔موجودہ سیاسی حکومت نے اہم ملکی سیاسی معاشی حالات میں توازن قائم نہ کیا اور اپنے اقدار کی طوالت اور بغیر پلاننگ کے حکومت چلانے کی کوشش ناکام ثابت ہوگی۔حکومت کا سیاسی گراف تیزی سے گرسکتا ہے۔پھر زائچہ پاکستان میں زحل سیاست کا ستارہ زائچہ میں نویں(عدلیہ مذہب قانون) دسویں(سربراہ مملکت اہم سیاسی شخصیات) کا مالک ہوکر آٹھویں نحس **20** جنوری **2020**ء تک مقیم رہیگا۔نحس گھر ہمراہ کیتو اور فل مون کے ایام میں چاند کو گرہن لگنا بڑی سیاسی شخصیات کی رسوائی اسکینڈل اور ان پر کرپشن کے الزامات لگنے سے عام عوام اور خواص اپنے اپنے حالات میں مسائل پریشانیوں سے نکلنے کے لئے ہاتھ پاؤں ماریں۔تحریک انصاف کی حکومت جس سے پاکستانی قوم نے بے پناہ توقعات وابستہ کرلیں تھیں حال اور مستقبل قریب میں بھی موجودہ سیاسی حکومت کے سربراہ عمران خان نے قوم کو اعتماد میں نہ لیا تو عوامی غم وغصہ اور اپوزیشن کا احتجاج اسمبلی اور سڑکوں کے باہر حکومت کو گرانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگادیں گے۔آسمانی کونسل پر سیاسی حکومت کے لئے مسائل پریشانیاں لئے چل رہے ہیں۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء **10** جولائی **14** بجکر **28** منٹ، خاتمہ **12** جولائی **20** بجکر **04** منٹ تک رہے گی۔ جبکہ بحساب ویدک ابتداء **12** جولائی **09** بجکر **23** منٹ، خاتمہ **14** جولائی **16** بجکر **55** منٹ پر ہوگا۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا، تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔(ارشاد امام علی رضاؑ)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرف مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔قبل ازیں پانچ روپے کے شرف مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کرکے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔**12** سال کے بعد کائنات میں خیروبرکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق ودولت لاتی ہیں۔انہی ساعتوں کو عامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔شرف مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔اس نوٹ کی، کی **(Key)** اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔تبھی شرف مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد **3** ہے۔اسی طرح **اللّٰہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر **3** سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔شرف مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔آپ اللہ سے تجارت کرکے یقینی نفع پاسکتے ہیں۔

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی **2** ہزار روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔انکی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرف مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کردیا جائے گا۔اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کیساتھ **50** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کردیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے بہن بھائی اپنے رہائشی ملک کا نوٹ بھی بنواسکتے ہیں۔(**رابطہ: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی 0300-9483758**)

تیسری عالمگیر جنگ کی سازشیں ہارے ہوئے صدر امریکہ ٹرمپ کو امریکہ کا صدر اور اس فارمولے پر وزیر اعظم ہند مودی کو بنایا گیا

سوشل میڈیا کے اہم حقائق کیا آپ جانتے ہیں؟ (منصور علی زنجانی)

پاکستان دُنیا کا واحد ملک ہے جسکی سب سے بڑی ایکٹیو جنگی سرحد ہے جو کہ 3600 کلومیٹر طویل ہے اور بدقسمتی سے پاکستان ہی دنیا کا واحد ملک ہے جو بیک وقت تین خوفناک جنگی ڈاکٹرائینز کی زد میں ہے جس کے بارے میں بہت تھوڑے لوگ جانتے ہیں۔ آیئے آج ذرا اسکے بارے میں آپکو بتاتے ہیں۔!! پہلے نمبر پر کولڈ سٹارٹ ڈاکٹرائین (Cold Start doctrine) ہے جو انڈین جنگی حکمت عملی ہے جسکے لئے انڈیا کی کل فوج کی 7 کمانڈز میں سے چھ پاکستانی سرحد پر ڈپلوئیڈ ہو چکی ہیں- یہ انڈیا کی تقریباً 80 فیصد سے زیادہ فوج بنتی ہے اور اس ڈاکٹرائین کے لئے انڈین فوج کی مشقیں، فوجی نقل وحمل کے لئے سڑکوں، پلوں اور ریلوں لائنوں کی تعمیر اور اسلحے کے بہت بڑے بڑے ڈپو نہایت تیز رفتاری سے بنائے جا رہے ہیں۔ اس ڈاکٹرائن کے تحت صوبہ سندھ میں جہاں انڈیا کو جغرفیائی گہرائی حاصل ہے وہ تیزی سے داخل ہو کر سندھ کو پاکستان سے کاٹتے ہوئے بلوچستان گوادر کی طرف بڑھیں گی اور مقامی طور پر انکو سندھ میں جسقم اور بلوچستان میں بی ایل اے کی مدد حاصل ہوگی۔ پاکستان کو اصل اور سب سے بڑا خطرہ اسی سے ہے اور پاک آرمی انڈین فوج کی اسی نقل وحرکت کو مانیٹر کرتے ہوئے اپنی جوابی حکمت عملی تیار کر رہی ہے۔ آپ نے سنا ہوگا کہ پاکستان آرمی کی "عظم نو" مشقوں کے بارے میں جو پچھلے کچھ سال سے باقاعدگی سے جاری ہیں۔ یہ انڈیا کی کولڈ سٹارٹ ڈاکٹرائین کا جواب تیار کیا جا رہا ہے جسکے تحت پاک آرمی جارحانہ دفاع کی تیاری کر رہی ہے۔ گو کہ اس معاملے میں طاقت کا توازن بری طرح ھمارے خلاف ہے۔ انڈیا کی کم از کم دس لاکھ فوج کے مقابلے میں ہماری صرف دو سے ڈھائی لاکھ فوج دستیاب ہے کیونکہ باقی امریکن" ایف پاک" ڈاکٹرائین کی زد میں ہے۔!! امریکن ایف پیک ڈاکٹرائن (Amrican afpak doctrine) امریکی ایڈمنسٹریشن کی پاکستان کے خلاف جنگی حکمت عملی ہے جس کے تحت افغان جنگ کو بتدریج پاکستان کے اندر لے کر جانا ہے اور پاکستان میں پاک آرمی کے خلاف گوریلا جنگ شروع کروانی ہے۔ درحقیقت یہی وہ ڈاکٹرائن ہے جس کے تحت اس وقت پاکستان کی کم از کم دو لاکھ فوج حالت جنگ میں ہے اور اب تک ہم کم از کم اپنے 20 ہزار فوجی گنوا چکے ہیں جو پاکستان کی انڈیا کے ساتھ لڑی جانی والی تینوں جنگوں میں شہید ہونے والوں کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے۔ اس جنگ کے لئے امریکہ اور انڈیا کا آپس میں آپریشنل اتحاد ہے اور اسرائیل کی ٹیکنیکی مدد حاصل ہے۔ اسکے لیے کرم اور ہنگو میں شیعہ سنی فسادات کروائے گئے اور وادی سوات میں نفاذ شریعت کے نام پر ایسے گروہ کو مسلط کیا گیا جنھوں نے وہاں عوام پر مظالم ڈھائے اور فساد برپا کیا جس کے لئے مجبوراً پہلی بار پاک فوج کو انکے خلاف ان وادیوں میں داخل ہونا پڑا۔ پاک فوج نے عملی طور پر انکو پیچھے دھکیل دیا لیکن نظریاتی طور پر ابھی بھی انکو بہت سے حلقوں کی بھرپور سپورٹ حاصل ہے جسکی وجہ سے عوام اپنی آرمی کے ساتھ اس طرح نہیں کھڑی جیسا ہونا چاہئے اور اسکی وجہ تیسری جنگی ڈاکٹرائن ھے جس کے ذریعے امریکہ اور اسکے اتحادی پاک آرمی پر حملہ آور ہیں اور اسکو فورتھ جنریشن وار کہا جاتا ہے!! فورتھ جنریشن وار (Fourth-generation warfare) ایک نہایت خطرناک جنگی حکمت عملی ہے جسکے تحت ملک کی افواج اور

عوام میں مختلف طریقوں سے دوری پیدا کی جاتی ہے۔ مرکزی حکومتوں کو کمزور کیا جاتا ہے، صوبائیت کو ہوا دے جاتی ہے، لسانی اور مسلکی فسادات کروائے جاتے ہیں اور عوام میں مختلف طریقوں سے مایوسی اور ذہنی خلفشار پھیلایا جاتا ہے۔ اسکے ذریعے کسی ملک کا میڈیا خریدا جاتا ہے اور اسکے ذریعے ملک میں خلفشار، انارکی اور بے یقینی کی کیفیت پیدا کی جاتی ہے۔ فورتھ جنریشن وار کی مدد سے امریکہ نے پہلے یوگوسلاویہ، عراق اور لیبیا کا حشر کر دیا اب اس جنگی حکمت عملی کو پاکستان پر آزمایا جا رہا ہے اور بدقسمتی سے انہیں اس میں کافی کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ پاکستان کے خلاف فورتھ جنریشن وار کے لیے بھی امریکہ، انڈیا اور اسرائیل اتحادی ہیں۔ باراک اوباما نے اپنے منہ سے کہا تھا کہ وہ پاکستانی میڈیا میں 50 ملین ڈالر سالانہ خرچ کریں گے۔ آج تک کسی نے یہ سوال نہیں اٹھایا کہ کس مقصد کے لئے اور کن کو یہ رقوم ادا کی جائینگی جبکہ انڈیا کا پاکستانی میڈیا پر اثر و رسوخ دیکھا جا سکتا ہے۔ پاکستان کی ساری قوم اس امریکن فورتھ جنریشن وار کی زد میں ہے۔!! یہ واحد جنگ ہوتی ہے جسکا جواب آرمی نہیں دے سکتی، آرمی اس صلاحیت سے محروم ہوتی ہے۔ چونکہ پاک آرمی کو امریکن ایف پاک ڈاکٹرائن کے مقابلے پر نہ عدالتوں کی مدد حاصل ہے نہ سول حکومتوں کی اور نہ ہی میڈیا کی اسلئے باوجود بے شمار قربانیاں دینے کے اس جنگ کو اب تک ختم نہیں کیا جا سکا ہے اور اسکو مکمل طور پر جیتا بھی نہیں جا سکتا جب تک پوری قوم مل کر اس امریکن فورتھ جنریشن وار کا جواب نہیں دیتی۔ فورتھ جنریشن وار بنیادی طور پر ڈس انفارمیشن وار ہوتی ہے اور اسکا جواب سول حکومتیں اور میڈیا کے محب وطن عناصر دیتے ہیں۔ پاکستان میں لڑی جانے والی اس جنگ میں سول حکومتوں سے کوئی امید نہیں اسلئے عوام میں سے ہر شخص کو خود اس جنگ میں عملی طور پر حصہ لینا ہوگا۔!!! اس حملے کا سادہ جواب یہی ہے کہ عوام ہر اس چیز کو رد کر دیں جو پاکستان، نظریہ پاکستان اور دفاع پاکستان یا قومی سلامتی کے اداروں پر حملہ آور ہو۔ حسبی اللہ لا إله إلا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم تمام محب وطن پاکستانیوں سے استدعا ہے کہ ان معلومات کو زیادہ سے زیادہ شیئر کریں تا کہ ہر فرد اپنے اور ملک دشمن عناصر کو پہچان سکے۔

Share this Msg with Others......

نریندر مودی کسی قاتلانہ حملے کا شکار بھی ہوسکتے ہیں

از تحریر: سید انور فراز کراچی

ماضی میں اہم رہنما مہاتما گاندھی، اندرا گاندھی اور راجیو گاندھی قاتلانہ حملوں ہی میں ہلاک ہوئے ہیں

لہٰذا نریندر مودی کو بھی اپنی سیکورٹی کا خصوصی خیال رکھنے کی ضرورت ہوگی

نریندر مودی کو ملک کا ایک طاقتور حکمران، جمہوری ڈکٹیٹر کے طور پر اپنی من مانی کرسکیں گے

بھارت میں انتہا پسندی کی لہر عروج پر جنتا پارٹی اور نریندر مودی کی کامیابی کے اسباب پر ایک نظر

مشہور افراد کے زائچوں کے حوالے سے یہ مسئلہ ہمیشہ اُلجھن کا باعث رہا ہے کہ ان کی درست تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش کا حصول آسان نہیں ہوتا جس کے نتیجے میں اکثر درست زائچہ بنانے میں دشواری ہوتی ہے اور غلطی کا امکان رہتا ہے، ایسا ہی بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے حوالے سے ہوا ہے، ان کی دستیاب تاریخ پیدائش پر ماضی میں بھی جب وہ برسر اقتدار آئے تھے، دنیا بھر کے منجمین میں خاصا اختلاف رہا، البتہ جو زائچہ قریب ترین فطرت اور شخصیت کے مطابق ہوسکتا تھا اس پر ہمیشہ گفتگو ہوتی رہی اور اسی کے مطابق ہمارا خیال بھی یہی تھا کہ اس بار وہ اتنی نمایاں اکثریت حاصل نہیں کرسکیں گے اور دوبارہ شاید وزیر اعظم بھی نہ بن سکیں لیکن اس کے برخلاف انھوں نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی اور دوسری بار وزیر اعظم بن گئے جس کا واضح مطلب یہ ہے کہ ان کی تاریخ پیدائش درست نہیں ہے۔ تقریباً یہی صورت حال ان کی پارٹی کے زائچے کی بھی ہے، اس کے مطابق بھی ان کا ایسی اکثریت سے کامیاب ہونا محال تھا، یقیناً اس حوالے سے بھی تاریخ پیدائش اور وقت کا مسئلہ یقیناً درست اندازہ لگانے میں حارج رہا ہے، بہر حال بھارتیہ جنتا پارٹی نمایاں حیثیت میں کامیاب ہوچکی ہے اور بھارت مذہبی انتہا پسندی کے دوسرے دور میں داخل ہوچکا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بھارت سے سیکولرازم اور جمہوریت کی بساط لپیٹ دی گئی ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟ ہمارے قارئین کو یاد ہوگا کہ اکتوبر 2015ء میں بھارت کے زائچے پر اظہار خیال کرتے ہوئے ہم نے نشان دہی کی تھی کہ بھارت کے زائچے میں سیارہ قمر کا دور اکبر ستمبر 2015ء سے شروع ہوچکا ہے، قمر تیسرے گھر کا حاکم ایک رجحان ساز سیارہ ہے، ساتویں گھر میں موجود شرف یافتہ کیتو کی اس پر نظر ہے، کیتو کی نظر قمر کے دور میں انتہا پسندانہ رجحانات لاسکتی ہے اور ہم نے دیکھا کہ تقریباً 2015ء ہی سے بھارت میں مذہبی جنون بڑھنا شروع ہوگیا، انتہا پسندی کی لہر ملک کی دیگر اقلیتوں کے لیے پریشانی اور تکلیف کا باعث بنی، مودی حکومت جو بنیادی طور پر مذہبی شدت پسندی کی الم بردار ہے، اس لہر کو مزید بڑھاتی رہی، پورے بھارت اور خاص طور پر کشمیر میں مسلمانوں کے لیے حکومت کا رویہ جارحانہ رہا، ان پر گائے کا گوشت کھانے کی پابندی لگائی گئی، گائے ذبح کرنے کے الزامات پر سزائیں دی گئیں وغیرہ وغیرہ۔

قمر کا دور اکبر ستمبر 2015ء سے ستمبر 2025ء تک جاری رہے گا، تازہ بھارتی الیکشن کے وقت قمر کے دور اکبر میں مشتری کا دور اصغر جاری تھا، مشتری بے شک زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے لیکن فطری طور پر مذہب کا نمائندہ ہے، زائچے میں اس دوران میں مشتری کی ٹرانزٹ پوزیشن بھی ساتویں اور

آٹھویں گھر میں رہی ہے، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ پورے ملک میں مذہبی انتہا پسندی کی لہر اپنی انتہا کو پہنچ گئی جس کا فائدہ بی جے پی اور نریندر مودی کو حاصل ہوا لیکن کیا یہ صورت حال بھارتی زائچے کے مطابق بھارت کے لیے بھی بہتر ہے؟ دنیا بھر میں انتہا پسندانہ نظریات اور اصول وقواعد کبھی بھی بہتر نہیں سمجھے جاتے، انھیں جمہوریت کے لیے بھی زہر قاتل کہا جاتا ہے، جنتا پارٹی کا سابقہ دور حکومت بھی اس حوالے سے ناپسندیدہ خیال کیا جارہا ہے جس میں ملک کی اقلیتوں اور سیکولر نظریات رکھنے والے عوام کے لیے بے چینی اور اضطراب کی لہر موجود ہے، یہ صورت حال اب مزید جاری رہے گی اوراس کا نتیجہ یقیناً علیحدگی کی تحریکوں کو جنم دے گا، نت نئے تنازعات ابھر کر سامنے آئیں گے، حال ہی میں خالصہ تحریک کے زیراہتمام لندن کے ہائیڈ پارک سے طویل جلوس نکالا گیا ہے جو سکھوں کے علیحدہ ملک کا مطالبہ کررہا تھا، کشمیر کی صورت حال کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، اس امکان کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ آنے والے دنوں میں بھارت میں ایسی مزید تحریکیں جنم لے سکتی ہیں۔

بھارت کے زائچے میں دسویں گھر کا حاکم سیارہ زحل آٹھویں گھر میں کیتو کے ساتھ حالت قران میں ہے، یہ صورت حال تقریباً اکتوبر تک جاری رہے گی جو وزیراعظم اور ان کی کابینہ کے لیے یقیناً بہتر نہیں ہے، کیتو کے ساتھ راہو کی نظر بھی دسویں گھر کے حاکم زحل پر ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وزیراعظم کے انتہا پسندانہ رجحانات اور منفی فیصلے ملک کی صورت حال پر کوئی خوش گوار اثر نہیں ڈالیں گے، مزید یہ کہ ان کی کابینہ میں بھی ایسے لوگ اکثریت میں ہوں گے جو انتہا پسند اور منفی ذہنیت کے حامل ہوں، ایک رپورٹ کے مطابق موجودہ الیکشن میں کامیاب ہونے والے لوک سبھا کے ممبران کی اکثریت کرپشن اور جرائم کے حوالے سے مشہور ہے، مزید یہ کہ سیارہ مشتری ساتویں گھر میں رہتے ہوئے پیدائشی شمس سے ناظر ہے اور آنے والے مہینوں میں مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں داخل ہوگا جہاں قمر، عطارد، زحل، زہرہ اور شمس سے قران کرے گا، یہ صورت حال کسی طور بھی حکومت اور وزیراعظم کے لیے خوش کن نہیں ہے، نریندر مودی کسی قاتلانہ حملے کا شکار بھی ہوسکتے ہیں اور ان کی کابینہ کے افراد بھی اپنے منفی رجحانات کے سبب مستقبل میں مقدمات کا سامنا کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ بھارت کا زائچہ ماضی میں بھی اہم رہنماؤں یا وزرائے اعظم کی حادثاتی ہلاکت کا آئینہ دار رہا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ سیارہ زحل جو دسویں گھر کا حاکم ہے، زائچے میں چھٹے گھر کے حاکم زہرہ سے قریبی نظر رکھتا ہے لہٰذا ماضی میں اہم رہنما مہاتما گاندھی، اندرا گاندھی اور راجیو گاندھی قاتلانہ حملوں ہی میں ہلاک ہوئے ہیں لہٰذا نریندر مودی کو بھی اپنی سیکورٹی کا خصوصی خیال رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ سیارہ زحل آئندہ سال جنوری تک موجودہ پوزیشن پر رہے گا اور یہی عرصہ خطرات کی نشان دہی کرتا ہے، البتہ آئندہ سال جنوری کے بعد زحل زائچے میں اچھی پوزیشن میں آجائے گا، اس کا امکان موجود ہے کہ برج جدی میں اور زائچے کے نویں گھر میں زحل کی پوزیشن نریندر مودی کو ملک کا ایک طاقت ور حکمران بنانے میں مددگار ثابت ہوگی، دوسرے معنوں میں وہ ایک جمہوری ڈکٹیٹر کے طور پر اپنی من مانی کرسکیں گے یعنی رام مندر کی تعمیر اور کشمیر کے حوالے سے نئی آئین سازی اور دیگر انتہا پسندانہ فیصلے جو بہرحال بھارت کے لیے کسی طور بھی بہتر نہیں ہوں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

راجیو گاندھی طرز کی کارروائی ہو سکتی ہے، پاکستان کے لئے ہندو بنیئے کی پالیسی تبدیل نہیں ہوگی، انتظار حسین زنجانی اور انور فراز کے زائچے، معروف ستارہ شناسوں نے ملک میں ناگہانی آفات، معاشی ایمرجنسی اور اسمبلیوں کی تحلیل کے خدشات بھی ظاہر کردیئے، اکتوبر سے حالات بہتر ہونے کی نوید۔ (رپورٹ: روزنامہ اُمت)

ملک کے معروف ستارہ شناسوں سیّد انتظار حسین زنجانی اور سیّد انور فراز نے نریندر مودی پر جان لیوا قاتلانہ حملے کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ

2025ء تک بھارت پر ہندو انتہاء پسندی کا مکمل غلبہ ہو جائے گا۔ ملک کا سیکولر تشخص بالکل ختم ہو کر رہ جائے گا۔ جس سے اقلیتوں اور علیحدگی پسند عناصر میں بے چینی بڑھ جائے گی اور اس کا ردِ عمل بدترین انارکی کی شکل میں سامنے آسکتا ہے۔ غیب کا علم سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کے پاس نہیں۔ ستارہ شناسی محض حساب کتاب (**Calculation**) پر مشتمل ایک دُنیاوی علم ہے اور ایک ستارہ شناس ماضی اور حال میں ستاروں کی پوزیشن کا موازنہ کر کے اپنا تجزیہ اور اندازہ بیان کرتا ہے۔ لہٰذا ان ''پیش گوئیوں'' کے اس تناظر میں ہی دیکھا جانا چاہئے۔

یہ پہلی بار نہیں کہ نریندر مودی پر قاتلانہ حملے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ پاکستانی ماہرین نجوم سے قبل شہریت یافتہ برطانوی، ماہر نفسیات اور آسٹرولوجر کریگ ہملٹن نے بھی مودی پر قاتلانہ حملے کی پیش گوئی کی تھی۔ کریگ ہملٹن کو بریگزٹ، برطانوی وزیر اعظم ڈیوڈ کیمرون کے استعفے، ٹرمپ کے امریکی صدر بننے کی درست پیش گوئیوں پر شہرت ملی، رواں برس **2019**ء کیلئے کریگ ہملٹن نے شمالی بھارت، کشمیر اور نیپال میں زلزلوں کے علاوہ انتخابی مہم کے دوران نریندر مودی پر قاتلانہ حملے کی پیش گوئی کی تھی۔ تاہم انتخابی مہم ختم ہونے کے بعد اب مودی دوبارہ وزیر اعظم بننے جا رہے ہیں۔ لیکن ان پر حملے کا کوئی واقعہ رونما نہیں ہوا۔ تاہم پاکستانی آسٹرولوجرز کا کہنا ہے کہ مودی کے زائچے کے آٹھویں اور بارہویں گھروں میں ستارے بہت خراب پوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ دونوں گھر اموات سے منسوب ہیں۔ لہٰذا نریندر مودی پر قاتلانہ حملے کا خطرہ بدستور برقرار ہے۔

اگر آسٹرولوجی سے ہٹ کر بھی دیکھا جائے تو بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیاں پچھلے کئی برس سے نریندر مودی کی سیکورٹی کو لے کر الرٹ ہیں۔ اور اب تک مودی کو ختم کرنے سے متعلق پانچ کے قریب پلان ناکام بنا چکی ہیں۔ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق مودی پر پہلا حملہ اس وقت ہوا تھا جب وہ ابھی وزیر اعظم نہیں بنے تھے اور گجرات کے وزیر اعلیٰ تھے۔ **27** اکتوبر **2013**ء کو پٹنہ میں مودی کی ریلی کے راستے میں نصب شدہ کئی بم زوردار دھماکے سے پھٹ گئے۔ اس کے نتیجے میں **6** افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے تھے۔ لیکن مودی بچ نکلے۔ اس حملے کا الزام اسٹوڈنٹ اسلامک موومنٹ آف انڈیا (سیمی) پر لگایا گیا تھا۔ اس سلسلے میں **10** افراد گرفتار بھی کئے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مودی کو قتل کی دوسری دھمکی وزیر اعظم بننے کے بعد موصول ہوئی جب وہ مئی **2015**ء کو بی جے پی حکومت کا پہلا برس مکمل ہونے سے متعلق تقریب سے مودی نے اپنے آبائی گاؤں میں خطاب کرنا تھا۔ اس تقریب سے کچھ دیر پہلے واٹس ایپ پر مودی کا سٹیج بم سے اُڑانے کی دھمکی دی گئی تھی۔ جس سے بھارتی انٹیلی جنس اور

پولیس میں افراتفری پھیل گئی۔ بعدازاں یوپی پولیس نے واٹس ایپ بھیجنے والی کی شناخت کرکے اس کے بھائی کو گرفتار کرلیا تھا۔ 2017ء وہ برس تھا جس کے دوران مودی پر حملے کے خطرے سے متعلق دو الرٹ جاری کئے گئے۔ پہلا الرٹ فروری میں جاری کیا گیا تھا۔ جب یوپی اسمبلی کے انتخابات کے دوران سینئر پولیس افسر اے ایس پی آر کے سنگھ نے دعویٰ کیا تھا کہ ہرن پانڈے قتل کیس کا ملزم رسول پتی اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر وزیراعظم مودی کے قافلے پر راکٹوں سے حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کررہا ہے۔ جبکہ 4 جون کو کیرالہ کے ڈی جی پی سین کمار نے دعویٰ کیا کہ وزیراعظم مودی کو نئی میٹروٹرین کے افتتاح کے لئے دورہ کوچی کے موقع پر نشانہ بنائے جانے کا شدید خطرہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق نریندر مودی کو ٹارگٹ کرنے کا سب سے خطرناک منصوبہ گزشتہ برس جون میں ماؤنواز باغیوں کی طرف سے بنایا گیا تھا۔ اس سلسلے میں دہلی پولیس نے ماؤ باغیوں سے رابطے میں ہونے والی روناولسن نامی شخص کے گھر سے ایک خط (ای میل) برآمد کیا تھا۔ اس خط میں مودی کو روڈ شو کے موقع پر راجیو گاندھی طرز کے حملے میں نشانہ بنانے کی تجویز دی گئی تھی۔ بعدازاں پولیس نے دہلی، ناگپور اور ممبئی سے چھاپے مار کر روناولسن سمیت 5 افراد کو گرفتار کرلیا تھا۔ ان پر اب بھی مقدمہ چل رہا ہے۔ بھارت ذرائع ابلاغ کے مطابق دوسری بار وزیراعظم منتخب ہونے سے نریندر مودی کو لاحق سیکورٹی خطرات بڑھ گئے ہیں۔

معروف آسٹرولوجر سیّد انتظار حسین زنجانی کے بقول ستارہ شناسی کی رو سے بھی نریندر مودی کی زندگی کو لاحق خطرات میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کی ایک وجہ مودی کے زائچے کے آٹھویں گھر میں ستاروں کا منحوس پوزیشن میں بیٹھنا ہے۔ اس کے سبب مودی پر دوران اقتدار جان لیوا قاتلانہ حملے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ یہ کارروائی راجیو گاندھی پر حملے جیسی ہوسکتی ہے۔ جس میں ایک تقریب کے دوران ایک تامل باغی عورت نے خودکش دھماکے سے راجیو گاندھی کو اُڑا دیا تھا۔ یا پھر مودی کو اندرا گاندھی حملہ طرز کی کارروائی میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے۔ جب ایک سکھ محافظ نے اندرا گاندھی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا۔ انتظار حسین زنجانی کے بقول بھارتی زائچے اور خود مودی کے ذاتی زائچے میں ان کے دوبارہ وزیراعظم بننے کی نشاندہی نہیں ہوتی۔ اس کا اظہار بھارت کے معروف جیوتشی شلندرا شرما نے بھی کیا ہے۔

SHAILENDRA SHARMA
JYOTISH ACHARYA
GOLD MEDALIST

Website : www.astrotoday.com.
E-mail : astrotoday2000@gmail.com.
Mobile : 09...
Twitter : twitter.com/...

A NAME TO RECKON WITH IN ASTROLOGY

Residence:- G-6, First Floor, Vikas Puri, New Delhi-110018

Prediction on General Elections – 2019

It was shocking to know that one astrologer professor has been suspended for predicting elections on Twitter in Madhya Pradesh. This is the respect our politicians and people in power have for Jyotish Shastra which is as old as Vedas. All news channels have been harping upon as to who will form the next Govt. but Election Commission was totally blind to all these activities. That's why I have not given my prediction earlier and will be releasing at 4.00 P.M. today i.e. 19th May 2019 which is the last day of poll and before Exit Polls.

The seven phase elections have started from 11th April with 19th May as last poll date and counting of votes taking place on 23rd May 2019. During this period the major planets Saturn and Jupiter are in Sagittarius along with Ketu. Jupiter is retrograde during this period and Saturn is in Nakshatra of Venus and Navamsha of Mars. Sun is in Taurus when the results will be declared. Timing of the elections and stretching them so long are not in favour of BJP.

Based on these planetary positions the predictions are as follows :-

1. The nation will see the most unexpected results.
2. Sh. Narendra Modi will not be the next Prime Minister of India.
3. There will be hung parliament as neither UPA nor NDA will get the majority.
4. It will be non-BJP Govt. at the centre.
5. Sh. Rahul Gandhi will play a major role in formation of Govt. but will not be the P.M. as of now.
6. The Prime Minister will be from regional parties. Regional Parties will form the Third Front and it will be coalition Govt. along with Congress.
7. The strength of total ruling block will be around 320.

Date :- 19th May, 2019

19/05/2019
(SHAILENDRA SHARMA)
JYOTISH ACHARYA

اپنے جاری کردہ بیان میں شلندرا شرما نے کہا کہ الیکشن کے رزلٹ کے حوالے سے اس کی پیش گوئی جاری کرنے پر حکومت نے پابندی لگادی اور جس روز الیکشن کے نتائج آئے، اس دن انہیں اپنی پیش گوئی کو جاری کرنے کی اجازت ملی۔ گولڈ میڈلسٹ ہندو جیوتشی شلندرا شرما کا اپنے لیٹرہیڈ پر جاری بیان میں مزید کہنا تھا کہ ”کیونکہ الیکشن نتائج کے بارے میں، میں نے پیش گوئی کی تھی کہ نریندر مودی دوبارہ وزیراعظم نہیں بن سکیں گے۔ یوپی اے اور این ڈی اے سمیت کوئی سیاسی اتحاد واضح اکثریت نہیں لے سکے گا۔ اور یوں ایک معلق پارلیمنٹ وجود میں آئے گی۔ مرکز میں بی جے پی کی حکومت نہیں ہوگی۔ راہول گاندھی چھوٹی علاقائی پارٹیوں کو ساتھ ملا کر اہم رول ادا کریں گے۔“

شلندرا شرما کے بقول وہ اب بھی اپنی پیش گوئی پر قائم ہیں۔ کیونکہ زائچوں اور ستاروں کے لحاظ سے مودی کا دوبارہ آنا نہیں بنتا لهذا انهیں زبردستی لایا گیا هے، جو بھارت کے لئے نیک شگون ثابت نہیں ہوگا۔ شلندرا شرما نے

مدھیہ پردیش کے ایک پروفیسر آسٹرولوجر کو ٹوئٹر پر الیکشن کے رزلٹ کی پیش گوئی کرنے پر معطل کئے جانے کی مذمت بھی کی۔

انتظار حسین زنجانی بھارتی جیوتشی سے اتفاق کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ستارہ شناسی کی رو سے مودی کا آنا نہیں بنتا تھا۔ تاہم خطے میں مقاصد کی تکمیل کے لئے انہیں زبردستی لایا گیا۔ چنانچہ اس کے ''سائیڈ ایفکٹ'' بھی ہوں گے۔ انتظار حسین زنجانی کے بقول اس وقت زحل اور کیتو کا ملاپ بھی ہو رہا ہے۔ اس کے نتیجے میں امریکہ اور ایران کے درمیان محاذ آرائی محدود جنگ میں تبدیل ہوسکتی ہے۔ جبکہ انتہا پسند مودی وزارت عظمیٰ دوبارہ سنبھالنے کے بعد پاکستان کے خلاف ماضی جیسی مہم جوئی کی کوشش کر سکتے ہیں۔ تاہم اس بار بھی ممکنہ بھارت مہم جوئی بری طرح ناکام رہے گی۔

مودی پر قاتلانہ حملے کے خطرے کے بارے میں شہرت یافتہ آسٹرولوجر سید انور فراز کا کہنا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے لئے خاص طور پر جون کا دوسرا ہفتہ بہت اہم ہے۔ اس ہفتے میں مریخ اور زحل کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ آسٹرولوجی کی دُنیا میں یہ بڑی منحوس نظر تصور کی جاتی ہے۔ اور اس کا بالخصوص سربراہان مملکت پر زیادہ اثر پڑتا ہے۔ چونکہ پاکستان اور بھارت کے زائچے تقریباً ایک جیسے ہیں اور دونوں کا طالع پیدائشی برج ثور ہے۔ لہٰذا دونوں ممالک کے معاملات بھی ملتے جلتے ہیں۔ جون کے دوسرے ہفتے میں نہ صرف مریخ اور زحل کا مقابلہ ہوگا بلکہ راہو اور کیتو بھی یہاں موجود ہوں گے۔ لہٰذا مودی پر قاتلانہ حملے کے خطرات ماضی کے مقابلے میں دُگنے ہوجائیں گے۔ پاکستانی وزیراعظم کو بھی اپنی سیکورٹی پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انور فراز کے بقول جون کے دوسرے ہفتے میں مریخ اور زحل کے مدمقابل آجانے کے اثرات رواں برس کے اختتام تک جاری رہیں گے۔ جبکہ بھارت کے پیدائشی زائچے میں 2015ء سے سیارہ قمر کا دورا کبر چل رہا ہے۔ اس کی مدت دس برس ہے۔ یعنی قمر کا دورا کبر 2025ء میں جا کر اختتام پذیر ہوگا۔ قمر کی پوزیشن سے کیتو بھی اٹیچ ہے۔ یہ ملاپ انتہا پسندانہ خیالات کو پروان چڑھاتا ہے۔ لہٰذا 2025ء تک بھارت میں انتہاء پسندانہ قوتوں کا عروج رہے گا۔ اور اس صورت میں بھارت کا اندرونی خلفشار بھی خطرناک حد تک بڑھ جائے گا۔ بھارت کی پاکستان دشمنی میں مزید اضافہ ہوگا۔ اور اس سلسلے میں بھارت اپنی حدود سے باہر نکل سکتا ہے۔ اس دوران بظاہر پاک بھارت بات چیت چلتی رہے گی۔ لیکن یہ صرف سیاسی چال ہوگی۔ اندرون خانہ بھارت اپنے پاکستان مخالف ایجنڈے پر کام کرتا رہے گا۔ انور فراز کے مطابق ستاروں کی موجودہ پوزیشن کے سبب امریکہ، ایران جھڑپ کا خطرہ ٹلا نہیں ہے۔ اس جھڑپ کی صورت میں امریکہ ایک بار پھر پاکستان سے ایسی مدد طلب کرسکتا ہے جو اس نے افغانستان پر حملے کے وقت حاصل کی تھی۔ تاہم پاکستان کے انکار پر امریکہ، بھارت کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کرے گا۔

انتظار حسین زنجانی اور انور فراز نے پاکستان کی اندرونی معاملات کے حوالے سے بھی چند پیش گوئیاں کی ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین نجوم کا کہنا ہے کہ آسمانی کونسل میں برج قوس میں ستارہ زحل آیا ہوا ہے۔ پھر یہ کہ زحل کے ساتھ کیتو بھی آ گیا ہے۔ جب زحل اور کیتو ایک جگہ کھڑے ہوجائیں تو یہ بڑی خطرناک پوزیشن ہوتی ہے اس کے نتیجے میں ملک میں زلزلے اور سیلاب سمیت دیگر ناگہانی آفات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ دہشت گردی اور تخریب کاری کا خدشہ بھی ہوتا ہے۔ ماہرین نجوم کے مطابق آنے والے ہفتوں میں پاکستان میں معاشی ایمرجنسی کے خاصے امکانات ہیں۔ اپوزیشن کی تحریک سے سیاسی بحران پیدا ہوگا۔ ایسے میں وزیراعظم عمران خان اسمبلی بھی تحلیل کر سکتے ہیں۔ تاہم ماہرین نجوم نے اکتوبر سے پاکستان کے حالات میں بہتری کی نوید بھی سنائی ہے۔

انتظار حسین زنجانی کا کہنا ہے کہ ستاروں کے برے اثرات سے بچنے کے لئے سب سے بہتر طریقہ صدقہ اور دُعائیں ہیں۔ پوری قوم اور بالخصوص وزیراعظم عمران خان کو چاہئے کہ وہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں مساجد میں جا کر کثرت سے ''استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ'' کا ورد کریں۔

آسمان کے اوپر ہر ماہ جنتری کا جو بہت بڑا ورق اُلٹتا ھے اللہ تعالیٰ نے اس کو تاریخیں جاننے کا ذریعہ بنایا

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آف پاکستان نے رویت ہلال کا پانچ سالہ کیلنڈر بنالیا

اللہ تعالیٰ کا دین تمام انسانوں کے لیے ہے اور ہر زمانے کے لئے ہے

رؤیت ہلال پر سید ابوالاعلیٰ مودودی کی رائے، نظر ثانی انتخاب

تحریر:۔ سید منصور علی زنجانی

اللہ تعالیٰ نے اپنے عائد کردہ فرائض کے لئے شمسی حساب کی بجائے قمری حساب جن اہم مصالح کی بنا پر اختیار کیا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس کے بندے زمانے کی تمام گردشوں میں ہر قسم کے حالات اور کیفیات میں اس کے احکام کی اطاعت کے خوگر ہوں۔ مثلاً رمضان کبھی گرمی میں اور کبھی برسات میں اور کبھی سردیوں میں آتا ہے، اور اہل ایمان ان سب بدلتے ہوئے حالات میں روزے رکھ کر فرمانبرداری کا ثبوت بھی دیتے ہیں اور بہترین اخلاقی تربیت بھی پاتے ہیں۔ اسی طرح حج بھی قمری حساب سے مختلف موسموں میں آتا ہے اور ان سب طرح کے اچھے اور برے حالات میں خدا کی رضا کے لئے سفر کر کے بندے اپنے خدا کی آزمائش میں پورے بھی اترتے ہیں اور بندگی میں پختگی بھی حاصل کرتے ہیں۔ شمسی حساب کو عبادات کی بنیاد قرار دینے کی یہ قباحت بھی بالکل واضح ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو اس کے معنی یہ ہوتے کہ ہر مسلمان کے لئے یا تو فلکیات اور نجوم کا علم حاصل کرنا فرض ہو جاتا یا جنتری اس کے دین کا جزو بن جاتی، جسے پاس رکھے بغیر وہ فرائض ادا نہ کرسکتا۔ اس لیے اس کے بجائے آسمان کے اوپر ہر ماہ جنتری کا جو بہت بڑا ورق الٹتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس کو تاریخیں جاننے کا ذریعہ بنایا تا کہ اگر کوئی آدمی صحرا میں زندگی گزار رہا ہو یا کسی پہاڑ کی چوٹی پر اس کی کٹیا بنی ہوئی ہو تو وہ بھی اسے دیکھ کر معلوم کر لے کہ اب رمضان کا چاند ہو گیا ہے اور روزے شروع ہو گئے ہیں، یا شوال کا چاند نکل آیا ہے اور کل عیدالفطر ہے۔ رؤیت ہلال کے سلسلے میں مطلع غبار آلود ہونے کی صورت میں جو دقت پیش آسکتی ہے اس کے متعلق یہ ہدایت کر دی گئی کہ ۲۹ کو چاند نظر نہ آنے کی صورت میں مہینے کے ۳۰ دن پورے کئے جائیں اس طرح تذبذب کو ختم کر دیا گیا جو ۲۹ تاریخ کو چاند نظر نہ آسکنے کی وجہ سے دلوں میں پیدا ہو سکتا ہے۔ بعض لوگوں کو اس زمانے میں سائنس کا ہیضہ ہو گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ صاحب یہ سائنس کا زمانہ ہے۔ اس کے اندر تو بڑی آسانی کے ساتھ اس بات کی تحقیق کی جاسکتی ہے کہ چاند ہوا یا نہیں۔ مطلع پر چاند اگر موجود ہو اور فضا صاف نہ ہونے کی وجہ سے نظر نہ آ رہا ہو تو ایسے حالات موجود ہیں جن کی مدد سے اس کو دیکھا جاسکتا ہے خود علم فلکیات اور علم نجوم (Astronomy) کے ذریعے سے بھی اس بات کا تعین کیا جاسکتا ہے کہ آج چاند ہوگا یا نہیں۔ لیکن یہ لوگ دراصل اس بات کو نہیں سمجھتے کہ ایک عالم گیر دین کبھی مصنوعی ذرائع پر انحصار نہیں کرسکتا۔ وہ ہمیشہ انہی ذرائع پر انحصار کرے گا جو زیادہ سے زیادہ فطری ہوں اور جن پر اعتماد کر کے جدید ترین سائنسی ترقیوں سے بہرہ ور لوگ بھی اس دین پر عمل پیرا ہو سکیں، اور وہ لوگ بھی ایک سچے مسلمان کی سی زندگی بسر کر سکیں جو ان ترقیوں کے ثمرات سے محروم یا نا آشنا ہوں۔ رؤیت ہلال کے لئے سائنسی ذرائع کو اختیار کرنے کا مشورہ دینے والے حضرات کی طرف سے ایک یہ دلیل بھی پیش کی جاتی ہے کہ اس طریقے سے سب مسلمانوں کی عید (کم از کم پاکستان میں) ایک ہی دن ہو سکے گی کیونکہ عید اسلامی اتحاد کا ایک اہم نشان ہے اور رؤیت ہلال میں اختلاف واقع ہو جانے سے مسلمانوں کے اس اتحاد کو ٹھیس

پہنچتی ہے۔ان میں سے کچھ لوگوں کا یہ خیال بھی ہے کہ ساری دنیا کے مسلمانوں کی عید ایک ہی دن ہونی چاہئے لیکن درحقیقت یہ فکر و نظر کی غلطی ہے۔ایسی باتیں دین سے ناواقفیت کی بنا پر کی جاتی ہیں اور یہ باتیں زیادہ تر وہ لوگ کرتے ہیں جو رمضان کے روزے تو نہیں رکھتے مگر عید کے معاملے میں اسلامی اتحاد کی انہیں بڑی فکر ہے۔جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ساری دنیا کے مسلمانوں کی عید ایک دن ہونی چاہئے وہ تو بالکل ہی لغو بات کہتے ہیں، کیونکہ تمام دنیا میں رؤیت ہلال کا لازماً اور ہمیشہ ایک ہی دن ہونا ممکن نہیں ہے۔رہا کسی ملک یا کسی ملک کے ایک بڑے علاقے میں سب مسلمانوں کی ایک عید ہونے کا مسئلہ تو شریعت نے اس کو بھی لازم نہیں کیا ہے۔یہ اگر ہو سکے اور کسی ملک میں شرعی قواعد کے مطابق رویت کی شہادت اور اس کے اعلان کا انتظام کر دیا جائے تو اس کو اختیار کرنے میں کوئی مضائقہ بھی نہیں ہے،مگر شریعت کا یہ مطالبہ ہرگز نہیں ہے کہ ضرور ایسا ہی ہونا چاہئے اور نہ شریعت کی نگاہ میں یہ کوئی برائی ہے کہ مختلف علاقوں کی عید مختلف دنوں میں ہو۔خدا کا دین تمام انسانوں کے لیے ہے اور ہر زمانے کے لئے ہے۔"

نئے سال کی ابتداء سے قبل ہم 72 سالوں سے از خود زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری اور البیرونی تقویم کے لئے ایڈوانس سالانہ تقویم NASA ستاروں کی رفتاروں سے دیکھ کر جنتری تیار کرتے ہیں۔جو عموماً رویت ہلال کمیٹی کے مطابق درست ثابت ہوتی ہے۔آجکل ملک میں رویت ہلال کا مسئلہ زیر بحث ہے۔اسی تناظر میں ہم حالات زمانہ 2019ء کے مطابق تبصرہ کرنے کی جسارت کررہے ہیں تمام ارض ال ل ہ کی ہے۔ہم انسانوں نے جغرافیائی حدود بنا رکھی ہیں۔آسمان پر یک سورج اور ایک چاند ہے۔پوری دُنیا میں ایک شمسی تاریخ ہوتی ہے۔اس کا سبب کہ سورج ہمیشہ روشن رہتا ہے۔اس کی روشنی کرہ ارض میں 24 گھنٹہ میں زمین گھوم کر ایک ہی شمسی تاریخ نافذ کر دیتی ہے۔جبکہ ہمارا چاند بھی ایک ہے۔جو سورج سے روشنی لیتا اور یکم تا 14 زائد النور بڑھتا اور 15 تا 29 یا 30 تاریخ تک کسر النور گھٹتا ہے۔اگر تمام مکتبہ فکر کے علماء کرام کعبہ کو مرکز مان لیں جبکہ حقیقتاً یہ مرکز ارض بھی ہے حرم کعبہ سے رویت ہلال کا درست اعلان ہو چونکہ نصف دُنیا میں دن اور نصف دُنیا میں رات ہوتی ہے۔یوں پوری دُنیا میں ایک ہی دن عید و دیگر اسلامی تہوار منائے جا سکتے ہیں۔بہر حال ہماری یہ تجویز ہے۔گر قبول افتد رہے عز و شرف علماء کرام کی انٹرنیشنل ٹیم اور سائنسی آلات سے ہی ایسی خدمت ممکن ہیں۔بشرط سبھی مسلمان ممالک اس ایک نقطہ پر متفق ہوں ورنہ اس عید 2019ء کی طرح K.P.K اور سعودی حکومت روزہ کھانے کے کفارے ادا کرتی رہیگی۔مستقبل کا وہ وقت تصور کریں جب پوری دُنیا میں جانشین مصطفیٰ امام زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام کی حکومت قائم ہوگی تو کیا تب بھی دو دن تین تین دن عید منائی جائیگی؟ تب پوری دُنیا میں ایک ہی دن عید ممکن ہوا کرے گی۔یہ ہمارا اپنا خیال ہے ہم کوئی عالم دین نہیں کہ فتویٰ دے سکیں۔

مختلف بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کی محبت کا انداز اور نظریہ

(قسط دوئم)

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

عقربی محبت

اس تمام وضاحت کا مقصد یہ ہے کہ آبی بروج کی تکون کا دوسرا برج عقرب محبت کے معاملے میں بھی دیگر تمام بروج سے زیادہ شدت پسند بلکہ انتہا پسند واقع ہوا ہے۔ اس برج سے متعلق افراد میں محبت کے جذبے کی شدت شدید جیلسی اور حسد کا مادّہ پیدا کرتی ہے۔ چنانچہ عقربی افراد اپنے محبوب کو سات تالوں میں بند کر کے رکھنا پسند کرتے ہیں۔ وہ کسی لمحے بھی نہیں چاہتے کہ ان کا محبوب ان کی نظروں سے اوجھل ہو اور کوئی دوسرا اس کی طرف متوجہ ہو یا وہ خود کسی دوسرے سے کوئی تعلق رکھیں۔ بعض ناپختہ یا زائچے میں سیاروں کے خراب اثرات کا شکار عقربی افراد جنونی اور اذیت پسند بھی ہو جاتے ہیں۔ اس حوالے سے یہ برج خاصا خطرناک بھی ہے۔ عقربی افراد کی محبت اور چاہت کو سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن ہر برج اس کا اہل نہیں ہے بلکہ بعض بروج تو اس محبت کی شدت کو برداشت ہی نہیں کر سکتے۔ اس موقع پر پھر ہمیں ایک شعر یاد آ رہا ہے جو عقربی افراد کی محبت کی شدت کا عکاس ہے اور یہ شعر ایک عقربی شاعر کا ہے، عبیداللہ علیم افسوس اب اس دنیا میں نہیں رہے۔

عزیز اتنا ہی رکھو کہ جی سنبھل جائے
اب اس قدر بھی نہ چاہو کہ دم نکل جائے

عقربی افراد محبت یا نفرت دونوں صورتوں میں اس جذبے کو دل کی انتہائی گہرائیوں کے ساتھ قبول کرتے ہیں اور پھر زندگی بھر اسے فراموش نہیں کر سکتے۔ دیگر معاملات کی طرح محبت میں ناکامی ان کے لیے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں وہ انتقام یا خودکشی کی طرف مائل ہو سکتے ہیں۔ انگلینڈ کی مشہور شاعرہ سلویا پاتھ نے محبت میں ناکامی کے بعد اپنا سر اوون میں رکھ کر خودکشی کی تھی۔ اس کا شمسی برج عقرب تھا۔

عقرب مرد اور خواتین دونوں کا محبت کے معاملے میں یہی حال ہے لیکن یہاں اس حقیقت کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ آبی برج سرطان کی محبت کا مرکز و محور گھر اور خاندان ہے تو آبی برج عقرب کی محبت کا مرکز و محور سیکس ہے۔ برج عقرب کا یہ پہلو بھی انتہائی دلچسپ ہے کہ ایک طرف تو یہ روحانیت کا برج ہے اور دوسری طرف سیکس اور نسل انسانی کے ارتقاء سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا عقربی افراد محبت میں سیکس کے پہلو کو نظر انداز نہیں کرتے۔

برج حوت کی محبت

☆ **زکات:**۔ حروف مقطعات نورانی کی جس نمبر کی عبارات سے فیض لینا چاہیں اس کو پہلے زکات کے طور پر **543** دفعہ لکھ کر زکات قائم کریں۔ گزشتہ مضمون میں زکات کا مختصر طریقہ پیش کر چکا ہوں۔ اس کو مدنظر رکھ کر زکات قائم کریں۔

☆ **لوح تحفظ:**۔ حروف مقطعات نورانی نمبر **1** والے کلمات سے لوح تحفظ حاضر خدمت ہے اسے کسی سعد وقت میں مکمل قواعد عملیات کے مطابق عرق گلاب، زعفران، عنبر سے تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔

لوح تحفظ

٧٨٦

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — حٰمٓ عٓسٓقٓ

الٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰسٓ	حٰمٓ
٧٠	٤٧	٢٣٢	١٩٤
٤٦	٦٧	١٩٧	٢٣٣
١٩٦	٢٣٤	٤٥	٦٨

ازتحریر: میاں جاوید اقبال، نارووال

شمسی و قمری گرہن

شائقین علم الجفر جب بھی گرہن کے متعلق سنتے ہیں تو اُن کا ذہن فوری طور حروف صوامت کی طرف جاتا ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ۲۰۰۵ء میں آئینہ قسمت واحد ایسا شمارہ تھا جس نے حروف کی مکمل اور سیر حاصل آگاہی دی اور ایسے نت نئے حروف صوامت کے اعمال پیش کئے جن کو استعمال کرنے کے بعد کافی حضرات مطمئن ہیں حروف صوامت جن کی تعداد تیرہ ہے درج ذیل ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

اگران کو مرکب کیا جائے تو ان کی تعداد ۴ ہو جاتی ہے۔

احد رسص طعك لموه

حروف صوامت سے عقود یعنی بندش کا کام لیا جاتا ہے خواہ اسے نیک اعمال کیلئے کام میں لائیں یا بدکام کی لئے مثلاً عقد القدم' عقد اللسان' عقد النوم' عقد النکاح' عقد الزنا' عقد الامراض۔ اگران سے کسی بھی قمر در عقرب یا شمسی وقمری گرہن میں ان سے اعمال تیار کئے جائیں تو ایسے اعمال ۲۴ گھنٹوں کے اندر اندر کام دکھا دیتے ہیں۔ اگران گرہنوں میں ان کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو وہ اگلے سال تک قائم رہتی ہے اکثر عاملین ہر سال ان کی زکوٰۃ ضرور ادا کرتے ہیں کیونکہ یہ تمام اعمال میں سریع التاثیر گنے جاتے ہیں۔ ان حروف کو ۵۴۳ مرتبہ پڑھ کر یا لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کرنے سے ان کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اس سلسلہ میں حضرت شاہ زنجانی صاحب سے اجازت طلب کریں۔ شمسی وقمری گرہن جو کہ نحس ترین شمار کئے جاتے ہیں ان میں اگر لاعلاج امراض کی بندش کے اعمال کریں تو فوری طور پر ان امراض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ہیپاٹائٹس اور لاعلاج امراض کا خاتمہ

ہیپاٹائٹس اور دوسرے لاعلاج امراض کے خاتمہ کیلئے ایک تجربہ شدہ عمل پیش خدمت ہے۔ عین گرہن کے وقت جب مکمل گرہن ہو چکا ہو ایک پیالہ مٹی کا لیکر اُس میں یہ نقش کندہ کریں۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ح	م	ل
ہ	س	ا
ر	د	و

پھر مریض کو صبح دوپہر شام تین وقت اس میں کوئی مشروب یا سادہ پانی پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس یوم میں سو فیصد اس کے مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔ جن میں ہیپاٹائٹس B اور C 'شوگر' کینسر اور دوسرے تمام لاعلاج امراض شامل ہیں یہ نقش جو حروف صوامت پر مبنی ہیں اور بعض اسم الٰہیہ پر بھی مشتمل ہیں۔ سلام' احد' ھو اور یہ تمام حروف کلمہ طیبہ کی تلخیص ہیں اس کے علاوہ آپ ان کو جس مرض میں بھی استعمال کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ فوری مرض رُک جائے گا۔ اس نقش کو آبی چال سے لکھا جائے گا۔

ہرنیا' رسولی اور جلدی امراض

ہرنیا' رسولی اور جلدی امراض کیلئے انتہائی مجرب عمل پیش خدمت ہے جس کو کئی مرتبہ آزمایا۔ ۲'۲ کلو کی رسولیاں اور ہرنیا بفضل تعالیٰ تین دنوں میں غائب ہوگئیں۔ اس کے علاوہ دردوں' خارش کیلئے بھی انتہائی مجرب عمل ہے۔

طریقہ استعمال: اس نقش کو ۲ عدد لکھا جائے گا ایک نقش تیل میں حل کر کے متاثرہ حصے پر لگایا جائے اور دوسرا نقش رسولی یا ہرنیا کے اوپر کھلے پلاسٹک میں سیل کر کے باندھا جائے۔ خیال رہے کہ بے ادبی نہ ہونے پائے انشاء اللہ تعالیٰ تین یوم میں ہرنیا اور رسولی کا خاتمہ ہوگا۔ قدیم زخم جو کہ ٹھیک ہونے کا نام نہیں لیتے اُن کیلئے یہی نقش لکھ کر تیل زیتون اور شہد ہم وزن لیکر اُس میں حل کر کے لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ تین دِنوں میں زخم بھرنا شروع ہو جائے گا۔

رحمکاریہ جفر شرفِ قمر

شرفِ قمر میں اسپیشل لوح شرف قمر پیش کرتا ہوں۔ تسخیر خلق، رجوع خلق کے لیے پُرتاثیر ہے۔ ایک بد بخت نے میرے مضامین ادارہ آئینہ قسمت سے چرا کر اپنے نام سے کتاب علاج بالنقوش سے شائع کیے، اس بد بخت کو اتنی بھی حیا نہ آئی کہ میں کیا کر رہا ہوں۔ لہٰذا یہ مضامین ادارہ آئینہ قسمت کی ملکیت ہیں، اس کو بغیر اجازت کتابی شکل میں شائع نہ کیا جائے، عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(1) سورۃ قمر اعداد قمری: 120450 کلمات سورۃ قمر: 342 کل حروف سورۃ قمر: 1423 کل اعداد: 122215 (2) طالب شعیب الرحمٰن: 712 کلمات: 2 حروف: 11 کل اعداد: 725 (3) بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے اعداد: 786 کلمات: 4 حروف: 19 کل: 809 تینوں مجموعوں کے کل اعداد: 123749 تفریق: 9432 باقی: 114317 تقسیم: 3 باقی: 2 تو خانہ نمبر 4 میں 1 کا اضافہ، حاصل تقسیم: 38105 کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 9 تک 786 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا ورد کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

محمد احمد حامد محمود
علیؑ
فاطمہؑ
حسنؑ
حسینؑ
اللہ للہ
لہ
اللہ للہ
لہ
ھو
محمد

قمر جب برج ثور کے درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ شرف قمر میں ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو ترقی دولت اور ترقی علم کے لیے کام دیتے ہیں۔ اس موقع پر ایک طلسمی چراغ میں ہر مہینہ تیار کر کے دیتا ہوں۔ جن لوگوں نے آئینہ قسمت کے ذریعہ حروفِ شفاء کی زکات دی ہو، وہ اس چراغ کو تیار کریں، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے سحر جادو اور لاعلاج امراض کے لیے شفاء اور ہر طرح کی فتوحات حاصل ہوں گی۔ آج کی محفل میں جو عمل لکھتا ہوں۔ وہ عمل مجھے ساہیوال کے ایک جفار عامل سے بطور تحفہ ملا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اس عمل کی تاثیر سے ہر طرح کی فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔ اس چراغ پر سحر غالب نہیں ہوتا۔ اس چراغ کی پشت پر اپنی تمام فیملی کے نام معہ والدہ لکھیں۔ اس علم الجفر کے معجزے کو ضرور آزمائیں، چراغ اگلے صفحے پر ہے۔ اگر یہ چراغ خود تیار نہ کر سکیں تو عامل شاہ زنجانی صاحب سے بنوائیں اور یہ چراغ جلا کر اس سے جو تیل بچے، وہ لاعلاج امراض کے لیے شفا ہے۔ اس میں یہ مؤکلات لکھیں۔

یا کصوائیل، یا دوخائیل، یا مظطائیل، یا ودغائیل یا حتحائیل

بندش کھولنے کا نادر عمل

از تحریر: آغا سید عمران حسین، لاہور

فی زمانہ جادو ٹونہ، سحر کے استعمال کا رواج بڑھ گیا ہے، ہر طرف اس کا دور دورہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کالے جادو کے اجزاء حرام ہوتے ہیں، اس لیے اس کو کرنے والا اور کرانے والا دونوں مشرک ہیں اور مشرک کے لیے عذاب جہنم مقرر ہے، مشرک کی بخشش نہیں۔

تجرباتی طور پر دنیا میں اکثر ایسے پریشان لوگ ہوتے ہیں، جن کا رزق، شادی، زبان یا طاقت کسی مخالف نے کالے جادو سے بندھوا رکھی ہوتی ہیں۔ ایسے پریشان حال مؤمنین و مؤمنات کے لیے ایسا مجرب عمل پیش کر رہا ہوں، جس کے کرنے سے تمام قسم کی بندش کھل جائیں گی، اس عمل کا نام وسیلہ اُمّ موسیٰ ہے، جو آپ کو کسی کتاب یا عامل سے نہیں ملے گا۔

عمل وسیلہ اُمّ موسیٰ علیہ السلام

عامل ایک دن کا روزہ رکھے، دریں اثناء پنجگانہ عبادت اور فرائض منصبی ادا کرے، جھوٹی بات نہ کرے، اس روز کھانا پکوا کر عشاء کو چار (4) مساکین کو ان کے گھر بھجوا کر کھانا کھلائے اور اپنی عبادت کی جگہ پر اگربتی جلائے (صرف ایک دن) عشاء کو دو رکعت نماز نفل بہ نیت حاجت روائی پڑھنے کے بعد ایک سو گیارہ (111) بار دعا پوری توجہ ارتکاز سے پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ رَبِّ ھَلبا بِنت رَغبَا المؤُمِنَتہِ العِبِیدَۃِ النَتفِیَّۃِ اُمّ مُوسٰی بِاللہِ العَزِیزُ الحَکِیمُ المُتعَالِ المُتکَبّرُ المُھَیمِنُ العَظِیمُ الَّذِی یُفتَح بِہٖ الاَطبَاقُ وَاستَندَتُ بِہٖ الاَفَاقُ وَ فَتحَتب بِہٖ الاَقَاسِیُ اَفتِح ھٰذَا الغُلّ

پھر سات شب تک اس دعا کو گیارہ (11) بار یومیہ پڑھیں۔

عمل نمبر 2

تحقیق کے مطابق اُمّ موسیٰ کا صحیح ترین نام یُوقَابَدَہ ہے اور درج ذیل مختصر دعا کی مداومت کریں تو بندش معمولی تکلیف ہے، بند تالا تک کھل سکتا ہے۔

بشرطیکہ ہرگز ناجائز نہ کریں، 40 یوم تک 111 بار یومیہ وِرد یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ یُوقَابِدَہ اُمّ مُوسٰی علیہ السلام

اصلاحِ اولاد و معاشرہ

از تحریر: تنویر عصری (ایم اے) سرپرست تنویر عصری ویلفیئر ٹرسٹ، واہ کینٹ

تمام تعریفیں علیم و خبیر رب العالمین صاحبِ ذوالجلال والاکرام کے لیے۔
الف الف درود و سلام کل انبیاء، صدیقینؑ، صالحینؑ، شہداءؑ، اوصیاءؑ، اولیاءؑ، فقراءؑ، قطب و ابدالوںؒ بالخصوص ختم المرسلین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور منبع علم و ہدایت آئمہ اطہارؑ پر۔

دنیا کا وجود اور اس میں اشرف المخلوقات انسان کی تخلیق کا سبب معرفتِ خداوندی قرار دیا گیا۔ بالخصوص امت مسلمہ کے نصاب امتحان کے لیے یہود و نصاریٰ کی پُر آسائش طرزِ زندگی کو پیش کر کے، شیطان کو ترغیبات دلانے، بیوقوف و گمراہ کرنے کے لیے نگران مقرر کر دیا اور اس کی دشمنی کا تعارف انبیاء کی زندگیوں کو نمونہ عمل بنا کر کروا دیا۔ انہی سیرتوں کے ساتھ انسانیت کو علم الٰہی کے قوانین کی طرف توجہ کرنے اور جستجو کر کے نجات آخرت کے راستہ پر گامزن ہونے کی نصیحت اپنے ابدی کلام میں جگہ جگہ دہرا دیں۔ مگر انسان نے اپنے دشمن ابدی شیطان کے سامنے ایسے ہتھیار ڈالے کہ مالک حقیقی کی ایک نہ سنی اور دھوکہ میں ایسی جہالت کا مظاہرہ کیا جس کا انجام تمام امت مسلمہ بھگت رہی ہے۔
شیطان کے بہکانے، پھسلانے، ترغیبات دلانے کے ہتھیاروں میں سب سے بڑے ہتھیار قطع رحمی، غیبت، حسد اور غصہ قرار پائے۔ لاعلمی و جہالت کے سبب ہر فرد، ہر خاندان، ہر قوم اس پر بخوبی گامزن نظر آ رہی ہے اور انہی شیطانی صفتوں کے سبب دنیا میں ہر جگہ تباہی و بربادی، خون خرابہ و ویرانی نظر آنے لگی۔

ان صفات کے لیے قرآنی عربی میں جو جامع ترین لفظ استعمال ہوا ہے، اُسے "غضب" سے پکارا جاتا ہے اور تقریباً 20 آیات قرآنی میں اس لفظ کے استعمال کو دہرایا گیا ہے۔ مگر تمام مقامات پر اس کے انجام کا نتیجہ ناکامی، مایوسی اور جہنم کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ اس ناکامی کا سبب انسانیت کی اخلاقی پستی و جہالت ہے نہ کہ مسلمان ہونے کے ناطے۔ کیونکہ انسانیت بین الاقوامی مذہب ہے (اور ٹریفک کے قوانین کی پابندی بھی انسانیت کی خدمت کے زمرے میں شامل ہے۔ ان پر عمل کرنا بین الاقوامی طرۂ امتیاز ہے۔ ماسوائے مسلمانوں کے جن کے درس اول نماز سے صف بندی کی تربیت شروع کروا کر میدانِ جنگ تک میں جہاد کی تربیت میں بھی قطار بندی کی تربیت شامل ہے۔ حتیٰ کہ انسان تو انسان چرند و پرند بھی اس نظام کے پیروکار نظر آتے ہیں۔ مگر عقل سے غور کرنے والوں کے لیے قطار بندی کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کے لیے 2 سورتوں کے عنوانات ہی یہ قرار دیے گئے۔ پارہ 23 اور پارہ 28 میں یہ سورتیں موجود ہیں۔
خالق کائنات انسان کی فلاح و نجات کا متمنی نظر آتا ہے اور غضب و غصہ کی حالت تکبر اور حد سے تجاوز کرنے کا نام ہے۔ نیز تکبر کو خالق کائنات نے اپنی ابدی صفت قرار دیا۔ اسی سبب رب العالمین کو یہ گوارا ہی نہیں کہ مخلوق میں کوئی اس کی ہمسری کرے۔ ان 20 قرآنی آیات میں سے 4 مقامات ایسے نظر آتے ہیں، جن میں سے ایک مقام پر غضب و غصہ کے مرتکب فرد سے متاثرہ قوم، معاشرہ و قبیلہ کو اپنے تحفظ کے لیے دادرسی کر کے مدد مانگنے کا اختیار حاصل ہے تاکہ فساد کو قابو میں رکھ کر امن و آشتی کا ماحول قائم رکھا جا سکے۔ اس بات کا اظہار سورۃ النساء کی آیت 148 میں موجود جبکہ دوسری 3 آیات میں جو کہ "سورۃ ن والقلم آیت 48"، سورۃ شوریٰ آیت 37 اور آل عمران آیت 134 میں بغض، حسد، ظلم، غصہ کی حالت میں اپنے کو قابو میں رکھنے اور صبر کے نتیجہ میں کامیابی اور بشارت جنت کی نوید سنائی گئی ہے۔
تفسیر قمی میں امام محمد باقرؑ کا فرمان موجود ہے کہ "جو شخص ایسے وقت میں غصہ کو روکے جبکہ وہ اس کا بدلہ لینے پر پوری قدرت و طاقت رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت

کے دن اس کے دل کو امن وایمان کے ساتھ ایمان سے بھر دے گا۔مزید فرمایا کہ جو شخص خواہش کے وقت،خوف کے وقت،غضب وغصہ کے وقت (اس میں ضرور ہٹ دھرمی بھی شامل ہے) اپنے نفس پر قابو رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے جسم پر آتش جہنم حرام کر دے گا۔

سورہ آل عمران کا آیت 134 کے چند الفاظ کی وضاحت میں معصومینؑ کے فرمودات اور سیرت کے نمونہ کے بعد عمل کی وضاحت آسان ہوجائے گی۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ: لفظ "کَظْم" بھری مشک کے منہ باندھنے کو کہتے ہیں۔کیونکہ انسان شدت غضب میں جذبہ انتقام سے ایسے ناپسندیدہ،ضرر رساں امور سرانجام دے لیتا ہے جو بعد میں ندامت وشرمندگی کا باعث بنتے ہیں۔یقیناً ایسی حالت میں اپنے غصہ کو قابو کر لینا بے شک بڑا مشکل ترین مرحلہ ہے،اسی حالت کے لیے امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے غصہ کو اس حالت میں روک لے گا کہ جو کچھ وہ کرنا چاہے کر سکے تو خداوند کریم قیامت کے دن اس کے قلب کو اپنی رضا سے معمور کر دے گا۔

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ: حضور اکرمؐ نے عفو یعنی معاف کرنے کی تاکید فرمائی ہے اور فرمایا کہ "عفوؔ" سے بندہ کی عزت بڑھتی ہے۔پس جہاں تک ہو سکے تم ایک دوسرے کا قصور معاف کرتے رہو کہ خدا تمہاری عزت بڑھائے۔

(عفو کی حالت "کَظْم" غیظ سے اعلیٰ ہے۔)

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ٥ احسان کرنا بھی ان لوگوں کی ایک صفت ہے۔جو غصہ کو پینے والے ہیں اور یہ مرتبہ تمام مراتب سے اعلیٰ ترین ہے کہ انسان دشمن سے انتقام بھی نہ لے۔اسے دل سے معاف بھی کر دے۔یہی نہیں بلکہ اس پر لطف واحسان بھی کرے۔اس طرز عمل کے جواب میں خالق کائنات محبوبیت کا شرف بخش دیتا ہے۔

ان تمام صفات سے مربوط امام زین العابدینؑ کا طرز عمل قابل تقلید ہے۔امام زین العابدینؑ نماز کا ارادہ کر رہے تھے،آپ کی لونڈی کسی مجبوری کے سبب وضو کے لیے پانی ڈال رہی تھی کہ اس کے ہاتھ سے پانی کا لوٹا گر پڑا جس سے امامؑ کو چوٹ لگی۔حضرت علیؑ نے اس کی طرف سر اُٹھا کر دیکھا۔لونڈی نے عرض کی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ" حضرت نے فرمایا: میں نے اپنا غصہ روک لیا۔پھر لونڈی نے "وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ" کہا۔آپؑ نے فرمایا میں نے تمھیں معاف کیا اللہ تعالیٰ بھی تمھیں معاف کرے۔پھر لونڈی کے منہ پر "وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ٥" کے الفاظ ادا ہوئے۔آپؑ نے فرمایا چلی جا کیونکہ خدا کی خوشنودی کے لیے میری طرف سے آزاد ہو۔

ان نفسیاتی امراض سے نجات حاصل کر کے پُرسکون ماحول کے پیدا کرنے میں مندرجہ ذیل استغفاریں بھی نہایت ہی مفید ثابت ہوگئیں۔اگر ان کو واجبات نماز کے بعد اول وآخر 5 مرتبہ درود کے ساتھ 11 مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر کے اور پانی پر دم کر کے استعمال کرے تو کیا ہی بات ہے۔

· اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ٥

· رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ٥ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ٥ (سورۃ المؤمنون: 98-97)

· اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ عِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ ٥

مندرجہ ذیل آیات کے عمل میں لانے سے طبیعت میں سکون،حدت میں کمی تیزی،نفس وغیض وغضب میں اعتدال،مزاج سلطان جابر،حاکم ظالم،دشمن بد ظن کی اصلاح کے علاوہ جسمانی بیماریاں جن کے نجات ناممکن نظر آتی ہے۔انتہائی مفید ثابت ہوگیا۔مثلاً بلڈ پریشر،کینسر،السر،رسولی،نہ اُترنے والے بخار وغیرہ گھر کے تمام افراد خانہ خصوصاً مائیں اس عمل پر سختی سے عمل کرنا اپنا معمول بنا لیں اور اس کے اثرات سے اولاد کو تربیت میں گھول کر پلادیں تو چند نسلوں کے اندر معاشرہ سکون وآشتی کا ماحول اور گھر امن وسکون کا گہوارہ ثابت ہونا شروع ہوجائے گا۔ماحول میں ایک توازن واعتدال قائم کرنے کی ہمت وجرأت ظاہر ہونا شروع ہوجائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

(1) صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ٥ سورۃ البقرہ۔آیت 171

(2) يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ٥ سورۃ الانبیاء۔آیت 69

(3) لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ٥ النساء۔148

باقی صفحہ نمبر 43 پر

از تحریر: سیّد عامر علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

اس سال مورخہ 24 جولائی 2019ء کو صبح 06 بجکر 30 منٹ پر مریخ، مشتری کی تثلیث ہوگی۔ مورخہ 25 جولائی 2019ء کو شام 05 بجکر 22 منٹ پر مکمل نظر ہوگی۔ مورخہ 27 جولائی 2019ء صبح 04 بجکر 26 منٹ پر خاتمہ ہوگا۔ یہ اس سال کا اہم موقعہ ہے۔ یہ وقت حصول آمدن اور زر و مال کے لئے مؤثر ہے۔ اس وقت میں ان لوگوں کو فائدہ اُٹھانا چاہئے جو آئرن و سٹیل کا کاروبار کرتے ہیں، مشینری کا کام ہو، انجینئر ہوں کسی قسم کا انجن چلاتے ہوں، فوج یا پولیس میں ملازم ہوں، مکنیک ہوں، ادویہ اور دھاتوں کا کام کرتے ہوں، شعبہ مالیات سے متعلق ہو یا خزانچی ہوں یا بینک ملازم ہوں۔

ضروریاتِ عمل:۔

ساعت مشتری میں لوح تانبہ اور چاندی اور سکہ کی مخلوط بنائیں۔ اگر دھاتی لوح بنانے کی ہمت نہ ہو تو کاغذی لوح کے لئے ضروریات مشک زعفران اور عرق گلاب لے لیں اگر متعلقہ شعبوں میں کسی شخص نے اصلاً اور مطلقاً گزشتہ سالوں میں آمدن اور حصول مال وزر میں کوئی تغیر و تبدیلی نہ دیکھی ہو تو وہ اپنی قسمت کو اس لوح کی بدولت بدل سکتا ہے۔ روز بروز باعث ترقی ہوگی اور روپیہ آئے گا اور مختلف اسباب و حیلہ و بہانہ سے مال وزر ملے گا۔ بوقت تیاری غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہن لیں جگہ پاک ہو، تنہائی ہو، بوقت تیاری بخور دار چینی، رائی، حب الفار اور صندل سرخ کی دھونی دیں۔ کپڑوں اور جسم کو عطر حنا یا گلاب سے معطر کریں۔

طریقہ:۔ اپنا نام معہ والدہ کے اعداد لیں، اسم الٰہی ''یا مُنعِمُ'' کے اعداد 200 لیں ''رَبِّ اَغنِی'' کے اعداد 1313 لیں۔ درج ذیل طریقہ سے مربع میں پُر کریں۔ خانہ نمبر 4,3,2,1 کو پُر کریں۔ خانہ اوّل میں 358 خانہ نمبر 2 میں 359 لکھیں خانہ نمبر 3 میں 360 لکھیں خانہ نمبر 4 میں 361 لکھیں خانہ نمبر 8,7,6,5 کو پُر کریں۔ خانہ نمبر 5 میں 1312 لکھیں خانہ نمبر 6 میں 1313 لکھیں خانہ نمبر 7 میں 1314 لکھیں خانہ نمبر 8 میں 1315 لکھیں۔ اب خانہ نمبر 11,10 اور 12 لکھیں۔ خانہ نمبر 9 میں 198 لکھیں خانہ نمبر 10 میں 199 لکھیں خانہ نمبر 11 میں 200 لکھیں خانہ نمبر 12 میں 201 لکھیں۔

اب خانہ نمبر 16,15,14,13 کو لکھیں۔ اب اس عمل کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ سر نقش تین لکھے گئے ان تینوں کے اعداد کو جمع کر لیں۔ یعنی نام معہ والدہ + رَبِّ اَغنِی + یا مُنعِمُ 358+1313+200 کو جمع کرنے کے بعد کل 1871 ہوں گے۔ ان کو 7323 میں سے کم کر لیں۔ تو 5452 باقی رہے خانہ نمبر 13 میں 5452 سے 3 عدد اور کم کریں تو 5449 رہے لہٰذا خانہ نمبر 13 میں 5449 لکھیں خانہ 14 میں 5450 لکھیں خانہ نمبر 15 میں 5451 لکھیں خانہ نمبر 16 میں 5452 لکھیں اب یہ نقش مکمل ہوگیا۔ اس کی میزان چاروں طرف سے 7323 آئے گی۔ اگر کسی طرف سے درست نہ آئے تو نقش درست نہ ہوگا۔ نقش کے اندر کوئی بھی نام ہوگا۔ میزان یہی آئے گی۔ یہ اعداد سورۃ آل عمران آیت نمبر 34 ''قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیهِ مَنْ یَّشَآءُ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝'' اس آیت کے کل اعداد 7223 ہیں۔ گویا کل نقش اس آیت کا ہوگا۔ جس کے اندر طالب + دُعا رَبِّ اَغنِی + اسم الٰہی یا مُنعِمُ ہے۔ جب نقش مکمل ہو جائے تو 11 مرتبہ درود شریف اوّل و آخر پڑھیں۔ 200 مرتبہ یہ کلام پڑھیں۔ ''اَجب یَا جبرائیلُ یَا مَیکائیل بحق یَا مُنعِمُ ان تقضی حاجتی ۝'' پھر 21 مرتبہ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 34 پڑھ کر مؤکلات کی نیاز دے کر نقش پہن لیں۔ اس کے بعد روزانہ لوح ہاتھ میں لے کر 200 مرتبہ اس عزیمت کو پڑھیں۔ مال و دولت کے لئے حامل لوح ایک سال کے لئے غنی ہو جائے۔

چال نقش

۱۶	۱۱	۶	۱
۵	۲	۱۵	۱۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷

نقش یہ ھے

5452	مُنعِمُ	رَبِّ اَغنِی	اکبر فاطمہ
1312	359	5451	201
360	1315	198	5450
199	5449	361	1314

جادو اور اسکا قرآنی علاج

از تحریر: قیصر علی، لاہور

جادو کیا ہے؟

عربی میں اسے سحر کہتے ہیں انگلش میں MAGIC اور فارسی میں آسیب ہے۔ جادو ایک ایسا علم ہے جو کلیتاً خرابی اور بیماری پر مشتمل ہے جس کے ذریعے سے دوسرے کو نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ فائدہ نہیں کیونکہ جادو میں صرف شر ہے خیر کا کوئی پہلو نہیں۔ علامہ نووی کے الفاظ میں سحر حرام ہے اور بڑے گناہوں میں شمار ہوتا ہے اور اللہ کے پیارے نبی رحمۃ للعالمینؐ نے اسے مہلک اور نقصان دہ چیزوں میں شمار کیا ہے۔

وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً

(سورۃ الانفال 25)

ایسے فتنے اور بلاء سے بچو جب وہ آتا ہے تو صرف ظالموں کو اپنی گرفت میں نہیں لیتا بلکہ خشک وتر اور نیک وبد کو ایک ساتھ اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اور اُن کو عذاب پہنچاتا ہے دنیا میں حق و باطل دونوں قوتیں موجود ہیں جو ہمیشہ برسرِ پیکار رہتی ہیں آدمؑ کے مقابل ابلیس آیا۔ ابراہیمؑ کا تقابل نمرود سے ہوا۔ حضرت موسیٰؑ کو فرعون نے دریا میں چیلنج کیا اور حضور اکرم حضرت محمد ﷺ کا مقابلہ ابوجہل اور ابولہب سے رہا نتیجہ کیا ہوا حق غالب آیا باطل کو منہ کی کھانی پڑی۔ نورانی الفاظ کے اثرات ہمیشہ ایک وقت معین کے بعد ظلماتی تاثرات پر غالب آتے ہیں۔ عامل کیلئے یقین کامل کا ہونا ضروری ہے۔ سحر یا جادو کیسا ہی ہو انجام کار انسان اپنی ضروریات زندگی حاصل نہیں کر پاتا۔ کاروبار کی بندش، لڑکی کی شادی میں تاخیر، تنور کی آگ کو باندھنا، گاہکوں کو جادو کے ذریعے روکنا، میاں بیوی میں ناچاقی پیدا کرنا، بچہ زیادہ دیر روتا رہے کسی بیماری میں مبتلا کر دینا، دوکانداری باندھ دینا، صحت خراب کر دینا، غفلت طاری کر کے بیکار کر دینا، خوشیوں سے محرومی، مقروض ہو جانا، خوف کا مسلط کر دینا، ذلت وخواری میں مبتلا کرنا ہو یا کسی پر خوف مسلط کر دینا اور ہر کام میں انجام نقصان کی صورت میں ہونا وغیرہ۔ جب کبھی بھی ان جیسی یا ان مشکلات میں گھرا ہوا ہو تو اس کیلئے درج ذیل عمل حاضر خدمت ہے۔ کلام الٰہی کا فض، فیضِ خاص اور ہر مشکل کا حل بھی ہے یہ عمل خاص وعام سب کر سکتے ہیں بہت آسان اور تیر بہدف ہے بس تھوڑی محنت درکار ہے۔ یقینِ کامل کے ساتھ عمل کرے اور اللہ کے کلام سے فیض حاصل کرے۔

عمل نمبر1

یہ عمل ہر خاص وعام کر سکتا ہے میری اجازت ہے بس پاکیزگی اور طہارت کے مسائل سے واقف ہو اس عمل کو خود انفرادی نیت سے یا اپنے گھر والوں کیلئے اجتماعی طور پر بھی کر سکتا ہے۔ مشکلات اور مسائل بہت زیادہ اور شدید ہوں تو ایک بار انفرادی اور ایک بار اجتماعی طور پر کر سکتا ہے۔

جز (1) اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَ اَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ اس کی کل تعداد تیس ہزار بار (30,000) مکمل کرنا ہے۔ روزانہ پڑھنے کی تعداد معین نہیں جتنے دنوں میں مکمل کر لیں۔

جز (2) یَاغَفُوْرُ یَارَحِیْمُ اس اسماء کو بھی تیس ہزار بار (30,000) کی تعداد میں پڑھنا ہے جتنے دنوں میں مکمل کر لیں۔

جز (3) یَاحَسِیْبُ یہ اسم مقدس تیس (30,000) ہزار بار لکھنا ہے روزانہ لکھنے کی تعداد معین نہیں جتنے عرصے میں لکھ سکیں۔ بہتر ہے کسی کاپی میں لکھئے اور بعد ازاں ان کاپیوں یا کاپی کو سنبھال کر رکھیں اور کسی کپڑے میں باندھ کر خوشبو وغیرہ لگا کر رکھیں۔

جب یہ تینوں جز مکمل ہو جائیں تو مندرجہ ذیل عمل شروع کر دیں۔ اس عمل کی تعداد 301 بار روزانہ ہے روزانہ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد بغیر اٹھے عمل شروع کر دیں پاس خوشبو سلگا ئے۔ عمل بلاناغہ 41 یوم کریں خواتین 19 یوم کا تعین کریں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یَامُقَدِّرُ قَدِّرْ یَامُدَبِّرُ دَبِّرْ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ

بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ 301 بار

اللہ رب العالمین صدقہ معصومینؑ سب کو عمل کرنے میں کامیابی عطا فرمائیں اور سب کے جائز مقصد میں کامیابی ہو۔ آخر میں ایک التجا کہ جن حضرات کو اس عمل میں کامیابی ہو وہ مجھ فقیر یا شہزادہ سید انتظار حسین شاہ صاحب کے حق میں دُعا فرمائیں۔

کالے جادو کی کاٹ

سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥

قرآن پاک میں ہر مشکل و بیماری کا حل موجود ہے۔بس عقیدہ مضبوط ہونا چاہیے۔قرآن پاک میں اللہ پاک کا ارشاد ہے کہ "اور ہم قرآن میں وہ چیز اُتارتے ہیں جو شفا ورحمت ہے ایمان والوں کیلئے"

سورۃ یٰسین پاک کی آیت "سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥" میں بہت سے پوشیدہ اسرار اور بے شمار فضائل اور ہر قسم کے امراض سے شفاء کا حل موجود ہے۔ ہر چیز کا دل ہوتا ہے اور قرآن پاک کا دل یٰسین پاک ہے اور یٰسین پاک کا دل یہ آیت ہے۔آج کل کالے علم اور کالے جادو کا مرض بڑھتا جا رہا ہے۔آئے دن کوئی نہ کوئی ہر گھر میں اس مرض میں مبتلا نظر آتا ہے۔خلق خدمت کا جذبہ رکھتے ہوئے میں یہ عمل ان بہن اور بھائیوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں، جو کالے علم کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔

اگر کسی پر کالا جادو کر دیا گیا ہو جس کے باعث وہ شدید بیمار رہتا ہو، ایسے مریض کو صحت یاب کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین سو مرتبہ سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور تین سو دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔دم کیا ہوا پانی روزانہ سات یوم تک پلائیں، اول و آخر درود پاک لازمی پڑھیں۔انشاء اللہ کیسا ہی کالا جادو ہوگا، اس کا خاتم ہو جائے گا۔

ملازمت کے لیے

اگر کسی حاسد نے جادو کے ذریعے کسی کی ملازمت یا کاروبار میں رکاوٹ ڈال دی ہو، اس کے واسطے ہر نماز بعد سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥ کو 313 مرتبہ پڑھا کریں اور اس آیت کا نقش لکھ کر کاروبار کی جگہ فریم کروا کر لگائیں اور ایک عدد نقش اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے، انشاء اللہ ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو جائے گی۔نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ			
سَلامٌ	قولا من	ربّ	رحیم
رحیم	ربّ	قولا من	سَلامٌ
قولا من	سَلامٌ	رحیم	ربّ
ربّ	رحیم	سَلامٌ	قولا من

یاالٰہی ہر قسم رکاوٹ و جادو و سفلی علم ختم شود بحق سلامٌ قولا من رب رحیم

لڑائی جھگڑے سے بچنے کے لیے

اگر گھر میں لڑائی و جھگڑا رہتا ہو، اس مقصد کے لیے سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥ کو تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور گھر کے تمام افراد کو تین دن تک پلاتے رہیں اور سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥ کا وِرد جاری رکھیں۔گھر کے چاروں کونوں میں 21۔21 مرتبہ پڑھ کر بعد نمازِ فجر دم کرلیا کریں۔انشاءاللہ لڑائی و جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

جلد شادی کے لیے

اگر کسی نے جادو و سفلی علم کے ذریعے کسی کی شادی یا رشتہ میں رکاوٹ ڈال دی ہو تو اس مقصد کے لیے آپ چالیس دن تک اِس آیت مبارکہ کو تین سو مرتبہ بعد نمازِ فجر تلاوت کریں اور اس آیت مبارکہ کا نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔انشاءاللہ آپ کا کام ہو جائے گا۔وہ نقش یہ ہے:

یاسلام	۷۸۶		یاسلام
۱۹۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۰۵	۲۱۲	۱۹۹
۲۱۱	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

(اپنا مقصد لکھیں)

جادو کا وار نہ چلے۔اگر آپ کو کسی دشمن و حاسد کا خوف ہو کہ وہ کوئی بھی جادوئی حملہ نہ کرے اور آپ اس سے بچ کر رہیں تو اس مقصد کے لیے اور جادو سے محفوظ رہنے کی غرض سے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد طلوعِ آفتاب سے قبل باوضو حالت میں آیت مبارکہ کا یہ نقش لکھیں۔اپنے بازو یا گلے میں باندھے اور اس آیت مبارکہ سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رحیم ٥ کو 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔انشاءاللہ تعالیٰ آپ دشمن کے ہر وار سے محفوظ رہیں گے۔نقش یہ ہے:

ارواح خبیثہ جن، بھوت اُتارنے کے تیر بہدف اعمال

از تحریر: قیصر احمد بی۔ اے، کراچی

دل جن بھوت چڑیل پری ڈائن دیو کو یہ کلیہ فوراً فتح کرتا ہے۔

ترکیب: چنبیلی کے تیل میں یہ نقش آسیب زدہ کے سامنے روشن کریں اس سے آسیب زدہ فوراً رویگا اور اقرار کریگا۔

نقش یہ ہے:۔

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوت پروردگار
لا فتیٰ اِلّا علیؑ لاسیف اِلاَّ ذوالفقار
شاہِ مرداں شیرِ یزداں صاحبِ دُلدل سوار
ہر بلائے دُور با شد ایں بخواں ھفتاد یار
شاہِ مَن سلطانِ عالم سید احمد کبیر
خاطرِ ما راجع کن یا غوث الاعظم دستگیر

بعدہٗ چہار قل اور سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی اور تمام کو بغیر بسم اللہ کے پڑھ کر تیل پر دم کریں اور آسیب زدہ پر سر سے اور ناف تک ملے تا کہ آسیب دور ہو اور مریض کی طبیعت مسرُور ہو۔

برائے آسیب همه قسم ختم شو

کپڑے کا سفید ٹکڑا ہلدی میں رنگ لو اور اس کے چالیس ٹکڑے کر کے چالیس فلیتہ بنالو۔ جس مکان میں آسیب زدہ ہوتا ہے پہلے روز دن اور رات جلائے پھر ہر فلیتہ ہر رات تمام شب اس مکان میں جلاؤ چالیس روز بلا ناغہ انشاء اللہ آسیب دفع ہوگا۔ جن بھوت پلید ابلیس آسیب خبیث سب دور ہوگا۔

جن بھوت آسیب زدہ اور جادو کے دافع کرنے کے واسطے یہ عمل بہت ہی مجرب ہے

ترکیب:۔ خالص سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ مرتبہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر دم کرے یعنی ہر مرتبہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر دم کرے اس طرح چودہ مرتبہ تیل پر پڑھ کر دم کرے۔ کسی کا ہاتھ نہ پڑے تیل کی ایک بوند بھی زمین پر نہ گرنے پائے۔ پھر بدن پر مالش کرے اور وہی آدمی روزانہ مالش کرے، جو پہلے روز کرتا تھا، وقت مقرر ہو، ناغہ نہ کرے، انشاء اللہ جن بھوت پلید اور جادو کا اثر نہ رہیگا۔ آیت قطب یہ ہے:۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیکُم مِن بَدِ النَّعم......

(آزمودہ است لاجواب عمل ہے دُعائے خیر میں فقیر کو یاد کریں)

جِن بھوت پَری کو چانٹا طمانچہ مارنا

یہ الفاظ سات (7) مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کر کے آسیب زدہ کے منہ پر طمانچہ زور سے لگائیں مریض فریاد وقول وقرار کریگا۔ الفاظ یہ ہیں:۔

حضرت امیر المومنین علیؑ ابن ابو طالب (مجرب اُست)

جِن بھوت دیو پَری وهمه قسم ارواح خبیثه کو ختم کرنا

مریض کے بائیں ہاتھ کی چھنگلی پکڑے اور درج ذیل اسم مریض کے چہرے پر دم کرے اُٹھائیس (28) دفعہ اسم پڑھنے سے آسیب یا کسی ارواح خبیثہ کا سایہ ہوگا تو بول اُٹھے گا جو دریافت کرنا ہو کرے اور یہ اسم پڑھتا جائے۔

اِلٰهی بِحُرمَتْ محمد مصطفیٰ ﷺ وَ بِحُرمَتْ یَملیخا مَکسَلمینا کَشفُوطَط اَذَرفَطیونَس کَنتَنَا فَطیونَس یَوانعس بُوس وَ عَلَی اللہ قَصْدُ السَّبِیلِ وَمِنهَا جَائِرٌ وَلَوشَاءَ لَهَدَا کُمْ اَجمَعِین ۝

جن بھوت ارواح خبیثہ کو حاضر کرکے جلانا

طریقہ:۔ اس نقش کو مریض کو دکھائے انشاء اللہ حاضر ہو کر گفتگو کریگا بعد؛ جن یا جو بھی ارواح خبیثہ ہو اُس کو اِس نقش کی دھونی دیں جن جل کر خاک ہو جائیگا۔

نقش یہ ھے:۔

٦٦ ٦٦ ٦٦

اللہ دار	اللہ دار	اللہ دار
اللہ دار	اللہ دار	اللہ دار
اللہ دار	اللہ دار	اللہ دار

٦٦ جن بھوت دیو پری خاکستر شو بحرمت ٦٦

سلیمان بن داوٗد علیہ السلام

جنات کی حاضری کانقش

یہ نقش لکھ کر مریض کو دکھائیں انشاء اللہ جنات کی حاضری ہوگی اور اس نقش کی دھونی دیں تو جن ہلاک ہوگا۔

نقش یہ ھے:۔

٦٦ ٦٦ ٦٦

یاحی یاقیوم بحق ایاك نعبدو ایاك نستعین

و بحق

الٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ ض ض ض ض ض ض ض ض ض

آمین ارواح خبیثه خا کستر شو و بحق لا اله اِلاَّ الله

محمد رسول الله ۝

٦٦ ٦٦

علیقًا ملیقًا تلیقًا انت تعلم مافی قلوبهم و مافی قلوبهم ومافی انفسهم علیقًا ملیقًا تلیقاً انت

بقیہ اصلاح اولاد و معاشرہ

(4) وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ آلِ عمران 134

☆ تمام دعاوں کے آخر میں حضرت امام جعفر صادقؑ کے فرمان کے مطابق مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور درود کی ادائیگی لازمی کریں۔

استعمال: مندرجہ بالا چاروں آیات قرآنی کو ہدایات کے مطابق 21 دن تک مسلسل 101 مرتبہ پڑھ کر شربت، چینی، پانی پینے کی بوتل پر دم کر کے استعمال کرانے کے علاوہ متعلقہ افراد کو دم بھی کر دیا جائے۔ اگر افراد موجود نہ ہوں تو اُن کی فوٹو پر دم کر دیا جائے اور عمومی تحفظ کے لیے آسمان کی طرف منہ کر کے تصور میں افراد کو لا کر پھونک مار دیں۔ پھر مسلسل زندگی کے معمول میں لاتے ہوئے روزانہ فجر کی بحالت مجبوری کسی بھی نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھنا، پڑھوانا عادت بنالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے نوازے گا۔

مزید ان صفات خبیثہ سے نجات اور تسخیر خلائق کے لیے ترجمہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے روزانہ 21 مرتبہ "سورۃ التکاثر" کی مسلسل تلاوت انتہائی مفید نتائج کی حامل ثابت ہوئی ہے۔ خصوصاً دکانداروں، وکیلوں، عوام الناس سے متعلقہ لوگوں کو اس نعمتِ عظمیٰ کی طرف توجہ دے کر اس کی تلاوت کا شرف عادت بنانا چاہیے۔ گھر میں بغض، کینہ، حسد، ضد کو ختم کر کے نا اتفاقی کی لعنت سے نجات اور خاندان کے اتفاق و اتحاد کے لیے واجب نمازوں کے بعد اول و آخر 11۔11 مرتبہ پ10، سورۃ الانفال، آیت 63 کا ورد خوشی کے ثمرات کا باعث بنتا ہے۔ خواتین کو فیض اُٹھانا چاہیے، اس سے میاں بیوی کی محبت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

آیت وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ .... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ پر ختم ہوتی ہے۔

گھر میں رزق کی حلال کمائی اور اس میں وسعت و برکت کے لیے ہر نماز کے بعد درج ذیل دعا کا 6۔ 60۔ 600 مرتبہ پڑھنا دینی و دنیاوی کامیابیوں کا باعث بنتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

جولائی 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

0	6
5	2

تاریخ: 02-07-2019
دن: منگل
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/15,000

3	8
6	4

تاریخ: 15-07-2019
دن: پیر
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: -/750

جولائی 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	04 جولائی	11 بجکر 10 منٹ سے لے کر 12 بجکر 00 منٹ تک
2	06 جولائی	14 بجکر 15 منٹ سے لے کر 15 بجکر 15 منٹ تک
3	12 جولائی	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 17 بجکر 00 منٹ تک
4	18 جولائی	10 بجکر 00 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
5	24 جولائی	12 بجکر 00 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0			02	03		05	06				032	056
1	10		12		14			17	18		102	187
2	20			23		25	26		28		235	286
3	30		32		34		36		38		326	384
4			42	43			46		48		432	486
5	50		52	53			56				523	560
6	60		62	63		65	66		68		620	686
7		71			74			77		79	741	791
8			82	83	84		86			89	832	864
9	90	91				95			98		951	980

تاریخ: 02-07-2019
دن: منگل
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/15,000

50	06	32	20
25	35	36	63

تاریخ: 15-07-2019
دن: پیر
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: -/750

28	26	43	84
36	63	62	86

	6	
2	5	0
	3	

	8	
4	2	3
	6	

تاریخ: 02-07-2019	تاریخ: 15-07-2019
دن: منگل	دن: پیر
شہر: فیصل آباد	شہر: کراچی
مالیت بانڈ: 15,000/-	مالیت بانڈ: 750/-

276410

27	64
10	41

432178

43	21
78	32

3245-3745

259, 324, 374, 734, 784

3	4
7	5

8

25, 32, 37, 73, 78

7345-7845

فیصل آباد	مالیت بانڈ: 15,000/-	تاریخ: 02-07-2019					
84	73	69	51	42	09	(بونس)	6492

کراچی	مالیت بانڈ: 750/-	تاریخ: 15-07-2019					
90	82	64	38	24	18	(بونس)	9782

گولڈن انعام لکی نمبرز

فیصل آباد	تاریخ: 02-07-2019	016/180 =061
مالیت بانڈ: 15,000/-		592/721 =275
کراچی	تاریخ: 15-07-2019	124/642 =624
مالیت بانڈ: 750/-		908/284 =894

2012 2013 2014 2015 2016 2017 2018

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ يَا شَافِيُ يَا كَافِيُ يَا قَادِرُ يَا كَرِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اَحْفِظْنِيُ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِی وَالزُحَلِ وَالزُهْرَه وَالعَطَارَد وَالمَرِيْخ وَالرَاس وَالذَنب بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدُ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

astrology July

ARIES

حمل
21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ 2 تا 31 جولائی پانچویں رہتے ہوئے عشق ومحبت کے اُمور حساس اوراُن میں خاص توجہ رکھے جبکہ صاحب اولاد افراد بھی اس ماہ اولاد کے روز وشب پر خاص نگاہ رکھیں جبکہ آرٹ اورفن سے متعلق افراد بھی خاص توجہ کے حامل ہوں۔ 2 جولائی چوتھے شمس گرہن ہونے سے زمین جائیداد پراپرٹی کے اُمور میں خاص احتیاط، سواری کی خریداری مناسب نہ ہوگی جبکہ خانگی ماحول میں تناؤ۔ صدقات دیں۔ 10,9 جولائی مریخ عطارد قران کے باعث فرض شناسی اورکام میں بہتری جبکہ مسائل کا مثبت حل اور تکنیکی مسایل کا بھی حل راحت بخشے۔ 12,11 جولائی مریخ یوران تربیع کے باعث حادثاتی صورتحال کا سامنا، پریشان ہونے کے بجائے ہمت وحوصلہ سے کام لیں اور مخلص احباب سے مشاورت یقینی رکھیں۔ 17,16 جولائی درمیانی شب چاند گرہن دسویں ہونے سے کیریئر، کاروبار، ملازمتی اُمور خاصے احتیاط کے حامل اور ایسا کوئی کام نہ کریں جس سے آپ کی عزت میں کمی ہو۔ احتیاط برتیں 26,25 جولائی مریخ مشتری تثلیث سے خوداعتمادی میں اضافہ۔ خاص مقاصد کا حصول اور عہدو پیماں کی فضاء قائم ہو۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تا کہ نحس اثرات سے بچا جا سکے۔

پہلا ھفتہ سیر وسیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے اہم کام کر سکتے ہیں۔ مقاصد میں کامیاب ہو سکیں گے۔ حصول رزق کیلئے کوشاں افراد کو بہتر ذریعہ معاش مل سکے گا۔

دوسرا ھفتہ: شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ مقاصد کے حصول کیلئے جدوجہد کر سکیں گے۔ سفر کے دوران محتاط رہیں' حادثات کا اندیشہ ہے۔

تیسرا ھفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خودبخود حل ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ معاملات میں مثبت تبدیلی لاسکیں گے۔ خانگی وخاندانی مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ دوسروں کو اپنے نقطہ نظر پر متفق کر سکیں گے۔ بہتر اور مثبت نتائج حاصل ہو سکیں گے۔

چوتھا ھفتہ: مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہو سکے گا۔ قانونی معاملات میں نظرثانی کرنا بہتر رہیگا۔ حاسدین زیر ہو سکیں گے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے گی۔ تخلیقی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا۔ مالی پوزیشن مستحکم ہو سکے گی۔ عشق ومحبت سے متعلقہ امور خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 28,25,23,16,8 جولائی **نحس تواریخ**: 26,22,18,11,9,4 جولائی

TAURUS

ثور
21April
21May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔د
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء ماہ خانہ مال میں ہونے سے مالی فوائد دلائے جبکہ 4 تا 28 جولائی تیسرے رہتے ہوئے سفر وسیلہ ظفر، تجدید مراسم کیلئے متعدد سفر اور سیر وسیاحت کا پروگرام بھی مل سکے۔ عزیز واقارب بہن بھائی تعاون کریں۔ 2 جولائی تیسرے سورج گرہن سفر اشد ضرورت کے تحت کریں اور صدقہ دے کر کریں۔ 8,9 جولائی زہرہ یورانس تسدیس سے ذہنی صلاحیت نکھرے اور منفرد خیالات کا اظہار ہو سکے۔ 17,16 جولائی درمیانی شب نویں چاند گرہن ہونے سے بیرون ملک سفر اور اُمور میں تاخیر اور طلبہ کی پڑھائی متاثر ہونے کا اندیشہ۔ صدقات دیں 18,17 جولائی زہرہ زحل مقابلہ کے باعث دوسروں سے تعلقات میں کشیدگی، سیاسی وسماجی مسائل کا سامنا، 19,18 جولائی زہرہ نیپچون تثلیث کے باعث عشق ومحبت کے اُمور حساس لیکن راحت بخشیں۔ خواہشات جنم لے سکیں۔ مثبت و مستحکم فیصلے کرنے کی قابلیت۔ 22,21 جولائی زہرہ پلوٹو مقابلہ کے باعث حاسدین اور جنسِ مخالف کے افراد سے محتاط رہیں۔ پریشانی کا اندیشہ 26,25 جولائی زہرہ عطارد قران کے باعث حالات میں غلط فہمیوں کا ازالہ ممکن ہو اور معاملات میں مثبت تبدیلیاں آسکیں۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تا کہ نحس اثرات سے بچا جا سکے۔

پہلا ھفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ رشتے دار مددگار رہیں گے۔ کیریئر سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ جنس مخالف کا کوئی فرد خاص توجہ کا مرکز رہے گا۔ سیاسی وسماجی امور بہتر رہیں گے۔ دوستی وسخاوت میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ تقریب کا اہتمام کر سکتے ہیں اور کاروباری امور وسعت اختیار کر سکتے ہیں۔

دوسرا ھفتہ: ملازم پیشہ افراد کو مالی مسائل پیش آسکتے ہیں۔ جس کے باعث وہ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس ہفتے گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ دوست مددگار رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح تسلی کریں تا کہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ کام میں خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہو سکتے ہیں۔ مسائل کے حل میں بیرونی مدد ملے گی۔ غلط فہمیاں دور ہونے سے بھروسے میں اضافہ ممکن ہوگا۔

تیسرا ھفتہ: اس ہفتے لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے لہٰذا اپنے غصے پر قابو رکھئے۔ اس ہفتے زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ معاملات پر رہے گی۔ بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ کام میں خامیاں ہونے کے باعث مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسروں کی مدد سے کام میں بہتری آسکے گی۔

چوتھا ھفتہ: صحت متاثر ہو سکتی ہے لہٰذا محتاط رہیں۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہو سکے گا۔ خواہشات پوری ہو سکیں گی۔ غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ عزیز واقارب پریشانی کا باعث ہو سکتے ہیں۔ شراکتی کام فائدہ مند رہیں گے۔ معاملات خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 27,25,21,18,11,8,6,2 جولائی **نحس تواریخ**: 24,17,16,3 جولائی

Gemini

جوزا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 19 جولائی تیسرے رہتے ہوئے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے متعلقہ اُمور خاص اہمت کے حامل رہیں جبکہ رجعتِ عطارد کے زمانہ میں 8 جولائی تا 31 جولائی بات چیت میں مثبت پہلو اُجاگر رکھیں اور سفر بلاضرورت کرنے سے گریز جبکہ سفر سے پہلے صدقہ ضرور دیں۔ 20 تا 31 جولائی عطارد خانہ مال میں باعثِ رجعت آجانے سے آمدن کے وسائل میں مسائل اور مالی لین دین میں خاص احتیاط کریں۔ 2 جولائی خانہ مال میں شمسی گرہن مالی لین دین اور انوسٹمنٹ پلان پر جلد بازی نہ کریں اور پہلے سے جاری کاموں میں پلاننگ کریں۔ 10,9 جولائی عطارد مریخ قران سے تکنیکی مہارت آنے سے کام میں مثبت پہلو اُجاگر ہوں۔ 17,16 جولائی درمیانی شب چاند گرہن آٹھویں لگنے سے وراثتی وانشورنس کے اُمور میں غیر یقینی بھتری آسکے۔ 22,21 جولائی عطارد شمس قران کے باعث قوت فیصلہ مضبوط، سفر وسیلہ ظفر اور عزت کا باعث بنے۔ انداز گفتگو متاثر کن۔ 26,25 جولائی عطارد زہرہ قران سے حالات میں مثبت تبدیلیاں اُجاگر ہوں۔ غلط فہمیوں کا ازالہ اور اہم معاہدے طے پاسکیں۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تاکہ نحس اثرات سے بچا جاسکے۔

پہلا ھفتہ: ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ سیر وسیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے، بہت سے کام خود بخود سُدھر جائینگے۔ آپکی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہوگی جس سے آپکی اہمیت میں اضافہ ہو سکے گا۔ بہتر اور مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔ معاملات پر اچھی طرح غور کرنے کے بعد دوسروں کی مشاورت سے بہتر فیصلے کر سکیں گے۔ جس سے مسائل کا خاتمہ ہو سکے گا۔ سوچ مثبت رہے گی۔

دوسرا ھفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے اور سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ جذبات وغصے پر قابو پانے کی کوشش کیجئے ورنہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہو سکیں گے۔ درپیش مسائل اور غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ عزیز واقارب کے تعاون سے خانگی وخاندانی مسائل کا کافی حد تک خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

تیسرا ھفتہ: خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سچ میں بھی پختگی آئے گی جو کہ فائدہ مند ہوگی۔ سوچ مثبت رہے گی جس سے خواہ مخواہ کے درپیش مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

چوتھا ھفتہ: بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے جس سے مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا ازدواجی زندگی مسائل کا شکار ہو سکتی ہے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ شراکتی امور بہتر رہیں گے۔ معاملات خوشگوار رہیں گے۔ گھریلو تزئین وآرائش میں دلچسپی رہے گی۔ ذہن منتشر رہے گا، رویہ تلخ ہو سکتا ہے۔

سعد تواریخ: 31,27,22,21,13 جولائی

نحس تواریخ: 24,17,10,3 جولائی

Cancer

سرطان

22June
23July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water
RulingPlanet: The Moon
Symbol: The Crab
YourStone: Moonstone
LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.
SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ ہر ماہ کی طرح اس ماہ بھی بارہ منطقۃ البروج کا سفر طے کرتے ہوئے 4,3 جولائی عروج اور 27,26,25 جولائی شرف اور ماہ کا اختتام 31,30 جولائی بھی عروجی حالت میں کرے تو ماہ کے یہ ایام نہایت سعد اور خوش بخت ثابت ہوں۔ جبکہ 2 جولائی طالع میں شمس گرہن سوچ منتشر، ذہن پریشان اور قوت فیصلہ متاثر کرے تو تب صدقات ضرور دیں۔ دیگر 17,16 جولائی کی درمیانی شب ساتویں چاند گرہن سے شراکتی وازدواجی اُمور اثر انداز اور غلط فہمیاں جنم لے سکتی ہیں۔ خاص احتیاط برتیں۔ 22,21 جولائی خانہ مال کے حاکم شمس کا عطارد سے قران جس سے مالی خوشحالی اور آمدن کے وسائل بڑھیں۔ مالی مشکلات میں کمی آسکے۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تاکہ نحس اثرات سے بچا جاسکے۔

پہلا ھفتہ: مسائل کا مثبت حل نکل سکے گا۔ شریک حیات کیساتھ تعلقات مستحکم ہونے سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا جس سے مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔ مالی مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا اور شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا۔ شراکتی امور فائدہ مند رہیں گے اور شراکتی کاروبار میں سرمایہ کاری منافع بخش رہے گی۔

